حکومت کرناٹک

GOVT. OF KARNATAKA

# انوارِ اُردو

# ANWAAR-E-URDU

Urdu 3rd Language

**Eighth 8 Standard**

آٹھویں جماعت کے لیے

زبانِ سوّم کی درسی کتاب

(ترمیم شدہ)

© KTBS Not to be republished

**KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R)**
100Ft. Ring Road, Banashankari III Stage,
Bengaluru - 560 085

# نصابی کمیٹی برائے آٹھویں جماعت زبان سوّم

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر فاطمه زهرا | پرنسپال، گورنمنٹ ہوم سائنس کالج، ہاسن۔ | صدر |
| 2 | ڈاکٹر انیس صدیقی | لیکچرر اُردو، نیشنل پی یو کالج، کلبرگی۔ | رکن |
| 3 | جناب محمد عابد الله | لیکچرر اُردو، گورنمنٹ پی یو کالج، شیوموگہ۔ | رکن |
| 4 | جناب ڈی ۔ سید علیم الله | اسسٹنٹ ماسٹر، الامین ملک ریحان اُردو گرلز ہائی اسکول، سِرا، ٹمکورو۔ | رکن |
| 5 | جناب محمد عبدالمقتدر | اسسٹنٹ ماسٹر، الحمید میموریل ہائی اسکول، بیدر۔ | رکن |
| 6 | شری وینکٹیش ڈی این | ڈرائینگ ٹیچر، گورنمنٹ ہائی اسکول، اُرامارا کسلاگیرے، منڈیا۔ | مصور |
| 7 | ڈاکٹر وهاب عندلیب | موظف پرنسپال، کلبرگی۔ | تنقیح کار |

## ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر مه نور زمانی بیگم — سابق صدر، شعبۂ اردو بنگلورو یونیورسٹی، بنگلورو۔

ڈاکٹرجهاں آرا بیگم — سابق صدر، شعبۂ اردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی، میسورو۔

## صلاح کار

**شری ناگیندرا کمار**
مینیجنگ ڈائر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو

**شری موڈمبڑی تایا**
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو

**شریمتی ناگامنی۔سی**
ڈپٹی ڈائرکٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو

**شری پانڈورنگا**
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو

©KTBS Not to be republished

# PREFACE

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi prepared which in turn are designed based on NCF – 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 11 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF – 2005 has a number of special features and they are:

- Connecting knowledge to life activities
- Learning to shift from rote methods
- Enriching the curriculum beyond textbooks
- Learning experiences for the construction of knowledge
- Making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- Caring concerns within the democratic policy of the country
- Make education relevant to the present and future needs.
- Softening the subject boundaries integrated knowledge and the joy of learning.
- The child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

***Constructive*** approach, ***Spiral*** Approach and ***Integrated*** approach. The learner is encouraged to think, engage in activities, masters skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the total development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country India.

Language textbooks are designed to help learners master communicative competencies, excellent comprehension, meaningful expression and efficient reference skills.

English is studied by most students as the second language. Teachers have to keep in mind the three fundamental approaches based on which the readers have been designed and adapt their teaching methods and help learners master language skills and competencies and help them become excellent users of English.

Schools in Karnataka offer seven languages as media of instruction and eight as first languages and ten languages are offered as third language. The objective is to help the learners to use these languages efficiently at the communicative level. It is hoped that at least a cross section of learners achieve competencies to use these languages at the creative level.

Teachers are expected to adapt their teaching methods not to make these textbooks just feed materials for examinations, but help learners master language competencies such as communication, comprehension, expression in writing and necessary reference skills.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks.

***Coordinator***
Curriculum Revision and
Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

***Managing Director***
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

© KTBS Not to be republished

# پیش گفتار

زبان جہاں خیالات کی ترسیل کا ایک موثر ذریعہ ہے، وہیں انسانی ذہن کی ترتیب وتہذیب میں بھی اس کا کردار مسلّم ہے۔ زبان کا سیکھنا حصولِ علم کی اولین منزل ہے اور یہ اکتسابی عمل ہے، جس کی شروعات ماں کی گود اور اطراف کے ماحول سے ہوتی ہے۔ پھر زبان سیکھنے کی رسمی تعلیم کا آغاز اسکول میں داخلے کے بعد ہوتا ہے۔ یہاں بچے میں سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے جیسی صلاحیتیں فروغ پاتی ہیں۔

تدریس کا یہ ابتدائی مرحلہ انتہائی دشوار کن اور صبر آزما ہوتا ہے۔ چناں چہ اس تدریسی عمل کو آسان اور موثر بنانے کے لیے ایک عمدہ درسی کتاب ناگزیر ہے۔

'انوارِ اُردو' نئی سہ لسانی تعلیمی پالیسی کے مطابق اور کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو کی فراہم کردہ ہدایات کی روشنی میں آٹھویں جماعت کے ان طلبہ کے لیے مرتب کی گئی کتاب ہے، جن کا ذریعہ تعلیم اُردو نہیں ہے، لیکن جنھوں نے اُردو کو بہ طور زبان سوّم اختیار کیا ہے۔

اس طرح یہ طلبہ ابھی اُردو سیکھنے کے اُس مرحلے میں ہیں، جہاں اُردو پڑھنے اور لکھنے کی مہارتیں ان میں فروغ پاتی ہیں۔ لہٰذا اُردو زبان کے سیکھنے کے اس عمل کو آسان دل چسپ اور مسرت آگیں بنانے کے لیے کتاب کے مواد کا انتخاب طلبہ کی ذہنی استعداد اور ان کے فطری رجحان کے عین مطابق کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ یہ مواد طلبا کی اخلاقی تربیت کے علاوہ ان کے اذہان کی تعمیر و تشکیل میں معاونت کرے۔

'انوارِ اُردو' کے اسباق آسان ہیں اور مختصر بھی، لیکن ان سے متعلق نئی طرز کی مشقیں اور سرگرمیاں زیادہ ہیں۔ ان مشقوں میں اسباق پر مبنی تفہیمی سوالات کے متوازی خود آموزی کی سرگرمیاں بھی طلبہ میں زبان دانی کی مہارتوں کی نشو نما اور ان کے اکتسابی عمل کو تیز تر کرنے کے مقصد سے شامل کی گئی ہیں۔

غرض 'انوارِ اُردو' کو دل چسپ، فکر انگیز، محرک اور بے عیب بنانے کی حتی المقدور سعی کی گئی ہے۔ ہم کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو کے اربابِ حل وعقد کے شکر گذار ہیں، جنھوں نے اس کتاب کی ترتیب وتدوین میں وقتاً فوقتاً ہماری رہنمائی فرمائی۔

**صدر و اراکین**

نصابی کمیٹی برائے آٹھویں جماعت، زبان سوم



©KTBS Not to be republished

## مجالسِ نظرِ ثانی برائے نصابی کتاب

**صدرِ مجالس:**

پروفیسر برگورراما چندرپّا، مجلسِ نظرِ ثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو۔

## مجلسِ نظرِ ثانی

**صدر:**

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، وظیفہ یاب اُردو پروفیسر، # 89 کے۔ ایس۔ آر۔ ٹی۔ سی لے آوٹ، بنّی منڈپ، میسورو۔

**اراکین:**

ڈاکٹر انیس صدیقی، لکچرر، نیشنل پی یو کالج ہفت گنبد، کلبرگی-585104

محترمہ نورنسیمہ بانو، اُردو معلّمہ، بائی فرکیٹڈ مہاراجا گورنمنٹ جونیر کالج نظر آباد، میسورو-010 570

محترمہ نورا سماء، اُردو معلّمہ، (ہائی اسکول سکشن) گورنمنٹ جونیر کالج، ملولی، ضلع منڈیا۔

محترمہ ایس۔ اے سوداگر، معاون معلّمہ، گورنمنٹ گرلس اردو ہائر پرائمری اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

محترم اعجاز احمد۔ ایم مورب، معاون معلّم، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

## اعلیٰ مجلسِ نظرِ ثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-007 560

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-094 560

**میر صلاح کار:**

شری نرسمہیّا، مینیجنگ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-85

شریمتی سی۔ ناگامنی، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-85

**پروگرام کوآرڈینیٹر:**

شری پانڈورنگا، سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-85

©KTBS Not to be republished

# ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ಧರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪-೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬-೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭-೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ನೀಡಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ.

©KTBS Not to be republished

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇವೆ, ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

(ನರಸಿಂಹಯ್ಯ)
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

©KTBS
Not to be republished

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صنف | مصنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حمد | نظم | ادارہ | 1 |
| 2 | دعا | نظم | ڈاکٹر محبوب راہیؔ | 5 |
| 3 | حضرت فاطمہ زہراؓ | نثر | ادارہ | 8 |
| 4 | سب سے اچھّا کام | نثر | ادارہ | 13 |
| 5 | ہمدردی | نظم | علامہ اقبالؔ | 19 |
| 6 | لباس وکردار | نثر | ادارہ | 22 |
| 7 | غرور کا سر نیچا | نثر | ادارہ | 27 |
| 8 | پیارا وطن | نظم | سلیمان خطیبؔ | 31 |
| 9 | علامہ اقبالؔ | نثر | ادارہ | 35 |
| 10 | بادشاہ اور نابینا | نثر | ادارہ | 42 |
| 11 | کمپیوٹر | نثر | ادارہ | 47 |
| 12 | اردو | نظم | فراقؔ جلال پوری | 52 |
| 13 | اتحاد میں طاقت ہے | نثر | ادارہ | 55 |
| 14 | سر مرزا اسماعیل | نثر | ادارہ | 61 |
| 15 | کھیلوں کی افادیت | نثر | ادارہ | 66 |
| 16 | غزل | نظم | حسنیٰ سرورؔ | 71 |
| 17 | حق کی آواز | نثر | ادارہ | 74 |
| 18 | کہانی سکّوں کی | نثر | مصطفٰے ندیم خان | 81 |
| 19 | سیکھے ہوئے الفاظ | | | 86 |


©KTBS
Not to be republished


# حمد

ہر ایک شئے کو بنایا جس نے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

شجر زمیں سے اُگائے اُس نے
پہاڑ و دریا بنائے اُس نے
فلک پہ تارے سجائے اُس نے
کرشمے کیا کیا دکھائے اُس نے

ہمیں یہ قرآں بتا رہا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

ہے دوجہاں میں ظہور اُس کا
ہر ایک دل میں سُرور اس کا
نفس نفس میں شعور اُس کا
ہے ذرّے ذرّے میں نور اس کا



© KTBS Not to be republished

ہر ایک شئے میں وہی بسا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

وہ جس نے جھرنوں کو نغمگی دی
وہ جس نے کلیوں کو نازکی دی
وہ جس نے پھولوں کو تازگی دی
وہ جس نے بھنوروں کو دل بری دی

اُسی سے قائم ہر اک فضا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

**ادارہ**

●●●

**I الفاظ و معنی:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شئے | : | چیز | شجر | : | درخت |
| نَفَس | : | سانس | نغمگی | : | راگ کا سا انداز، نغمے کی کیفیت |
| فلک | : | آسمان | نور | : | روشنی |
| جہاں | : | دُنیا | | | |



©KTBS Not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شعور | : | عقل، سمجھ | ظہور | : | ظاہر ہونا |
| دل بری | : | دل کو موہ لینا، دل کو پسند آنا | سُرور | : | فرحت/خوشی/ ہلکا ہلکا نشہ |
| کرشمے | : | انوکھی چیزیں/ انوکھی باتیں | | | |
| جھرنا | : | آبشار/ پہاڑوں اور چٹانوں سے گرتا ہوا پانی | | | |
| بھنورا | : | پردار کیڑا، کالا بڑا پتنگا جو پھولوں پر منڈلاتا ہے۔ | | | |

**II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :**

1. ہر ایک شئے کو کس نے بنایا ہے؟
2. فلک پر کیا سجائے گئے ہیں ؟
3. نَفَس نَفَس میں کیا ہے؟
4. خدا کا نور کس میں ہے؟
5. تازگی کسے دی گئی ہے؟
6. جھرنوں کو کیا دیا گیا ہے؟

**III ان مصرعوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:**

1. وہ جس نے ............................کو نغمگی دی
2. وہ جس نے ............................کو نازکی دی
3. وہ جس نے ............................کو تازگی دی
4. وہ جس نے ............................کو دل بری دی

©KTBS
Not to be republished

**IV** معنی کی مناسبت سے 'الف' اور 'ب' کو جوڑ کر مصرعے مکمل کیجیے:

| | 'الف' | | 'ب' |
|---|---|---|---|
| (1) | ہے دو جہاں میں | (a) | نور اُس کا |
| (2) | ہر ایک دل میں | (b) | ظہور اُس کا |
| (3) | نفس نفس میں | (c) | سُرور اُس کا |
| (3) | ہے ذرّے ذرّے میں | (d) | شعور اُس کا |

**V** ان الفاظ کو استعمال کرکے مناسب جملے بنائیے۔

شئے، زمین، نازکی، نور، تازگی

**VI** قواعد:

**ایک جیسی آواز اور ایک جیسا وزن رکھنے والے الفاظ 'قافیہ' کہلاتے ہیں۔**

مثال: اُگائے، بنائے، سجائے، دکھائے، وغیرہ

اس نظم میں استعمال کیے گئے دیگر قافیوں کو تلاش کرکے ان کی فہرست بنائیے۔

**VII** برائے یادداشت:

1. 'حمد' اس نظم کو کہتے ہیں، جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔

,2 اہم آسمانی کتابیں چار ہیں۔

1. ''توراۃ'' جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی۔
2. ''زبور'' جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی۔
3. ''انجیل'' جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔
4. ''قرآن'' جو حضرت محمدؐ پر نازل ہُوا۔

©KTBS Not to be republished

# دُعا

اے خدائے بحر و بر
خالقِ جِنّ و بشر

ہم پہ ہو لطف و کرم
ہیں تیرے محتاج ہم

آگہی کا نور دے
روشنی بھرپور دے


علم و حکمت کر عطا
اپنی رحمت کر عطا

اے خدائے عزّ و جل
کر عطا ذوقِ عمل

ہر مصیبت سے بچا
قید سے غم کی چُھڑا

فکر سے آزاد رکھ
شاد رکھ آباد رکھ

**ڈاکٹر محبوب راھی**



©KTBS Not to be republished

**I** **الفاظ و معنی:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| خالق | پیدا کرنے والا | ذوق | شوق/لُطف |
| بحر | سمندر | قید | پابندی/اسیری/روک |
| بر | زمین | حکمت | دانائی/عقل مندی |
| لُطف | عنایت/مہربانی | رحمت | کرم |
| کرم | مہربانی | عزّ وجل | عزت و بزرگی/ اللہ تعالیٰ کی صفت |
| محتاج | ضرورت مند | | |
| شاد | خوش | عطا | انعام/بخشش |
| بشر | انسان | آگہی | علم/ واقفیت، جاننا |
| جِنّ | ایک مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی ہے | | |

**II** **ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :**

1. جِنّ و بشر کا خالق کون ہے؟
2. ہم سب کس کے محتاج ہیں؟
3. دُعا میں شاعر نے اللہ سے کونسا نور مانگا ہے؟
4. شاعر محبوب راہؔی نے کس قید سے چھڑانے کی دعا مانگی ہے؟
5. شاعر محبوب راہؔی خدائے عزّ وجل سے کیا عطا کرنے کی دُعا مانگ رہا ہے؟
6. دُعا کے آخری شعر میں شاعر کس سے آزاد رکھنے کی بات کر رہا ہے؟

**III** **قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے موزوں لفظ چن کر ان مصرعوں کو مکمل کیجیے:**

(محتاج، آگہی، رحمت، فکر)

1. اپنی.......................کر عطا

©KTBS Not to be republished

2. ......................سے آزاد رکھ

3. ہیں تیرے ...... ...... ہم

4. ...... ...... ......کا نور دے

IV ان الفاظ کے ہم آواز الفاظ نظم سے تلاش کر کے لکھیے :

1. کرم = ......................

2. حکمت = ......................

3. جلّ = ......................

4. آزاد = ......................

V ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

خالق، محتاج، روشنی، علم، مصیبت

VI قواعد

**ایک سے زائد الفاظ کا مجموعہ 'مرکب لفظ' کہلاتا ہے۔**

مثال: بحر و بر

بحر اور بر دو الگ الگ لفظ ہیں، ان کو 'و' کی مدد سے جوڑ کر مرکب لفظ بنایا گیا ہے۔

اس نظم میں استعمال کیے گئے، اس طرح کے مرکب الفاظ کی فہرست بنائیے۔

VII برائے یادداشت

1. 'دُعا' ایسی نظم کو کہتے ہیں، جس میں شاعر اللہ تعالیٰ سے اپنی ضرورتوں اور خواہشوں کو پورا کرنے کی التجا کرتا ہے۔

2. اس نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# حضرت فاطمہ زہراؓ

حضرت فاطمہ زہراؓ پیارے نبی حضرت محمدؐ اور حضرت خدیجہ الکبریٰؓ کی سب سے چھوٹی اور چہیتی صاحب زادی ہیں۔ وہ نہایت حسین و جمیل تھیں۔ لہٰذا ''زہرا'' کے لقب سے مشہور ہوئیں۔ انھیں بتول، راضیہ اور ذکیہ وغیرہ جیسے القاب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

پیارے نبیؐ حضرت فاطمہؓ کو بے حد چاہتے اور ان کا بہت خیال رکھتے تھے۔ جب وہ آپؐ سے ملنے جاتیں تو آپ ﷺ کھڑے ہو کر ان کا استقبال کرتے اور ان کے بیٹھنے کے لیے اپنی چادر بچھاتے۔ آپ ﷺ جب بھی سفر سے لوٹتے تو سب سے پہلے ان کے گھر جاتے تھے۔

حضرت فاطمہؓ بھی حضور ﷺ سے بہت محبت کرتیں۔ آپ ﷺ کو جب کوئی تکلیف یا دکھ پہنچتا تو بے چین ہو جاتیں۔ غزوۂ اُحد میں حضور ﷺ کے دانت شہید ہوئے اور پیشانی پر زخم آنے کی خبر پہنچی تو حضرت فاطمہؓ فوراً جنگ کے میدان کی طرف دوڑیں۔ ایک چٹائی جلا کر اس کی راکھ، حضور ﷺ کے زخم میں بھر دی۔ تب کہیں جا کر انھیں اطمینان ہوا۔

حضور ﷺ نے حضرت فاطمہؓ کا نکاح نہایت سادگی کے ساتھ اپنے چچازاد بھائی حضرت علیؓ سے کیا جو ہر لحاظ سے حضرت فاطمہؓ کے لیے موزوں اور مناسب تھے۔ حضرت فاطمہؓ کو اپنے والدین سے ایسی تربیت حاصل ہوئی تھی کہ انھوں نے کم سنی ہی میں نیک زندگی گذارنے کے آداب سیکھ لیے۔ لہٰذا اپنے شوہر حضرت علیؓ کی خدمت اور اطاعت ہمیشہ اُن کا شعار رہا۔ وہ اپنے گھر کے سارے کام خود کرتی تھیں۔ جھاڑو دیتیں، آٹا پیستیں، اور کھانا پکاتیں۔ چکی چلاتے چلاتے ان کے ہاتھوں میں چھالے پڑ جاتے اور پانی کی مَشک بھر بھر لانے سے ان کے شانوں پر نیل پڑ جاتے تھے۔

حضرت فاطمہؓ پردے کی بڑی پابند تھیں۔ ایک دفعہ حضور ﷺ نے ان سے دریافت کیا۔ ''بیٹی! یہ بتاؤ کہ

©KTBS Not to be republished

عورت کی سب سے اچھی خوبی کون سی ہے''؟ حضرت فاطمہؓ نے جواب دیا۔''عورت کی سب سے اچھی خوبی یہ ہے کہ وہ نہ کسی غیر مرد کو دیکھے اور نہ کوئی غیر مرد اُسے دیکھے۔ چناں چہ انھوں نے اپنے شوہر حضرت علیؓ کو یہ وصیت کی تھی کہ انتقال کے بعد انھیں رات کے وقت دفن کیا جائے تاکہ ان کے جنازے پر کسی غیر مرد کی نظر نہ پڑے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو وصیت کے مطابق رات کے وقت انھیں جنت البقیع میں سپردِ خاک کیا گیا۔

حضرت فاطمہؓ نہایت سخی اور فراخ دل تھیں۔ وہ کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتیں۔ خود فاقے کرتیں لیکن بھوکوں کو ضرور کھلاتیں۔ خود مصیبتیں اٹھاتیں مگر دوسروں کو آرام پہنچانے کی حتی الامکان کوشش کرتیں۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ حضرت فاطمہؓ کو ایک وقت کے فاقہ کے بعد کھانا میسر ہوا تھا۔ ابھی انھوں نے نوالہ اٹھایا ہی تھا کہ دروازے پر ایک فقیر نے آواز دی۔

''اے رسول اللہ ﷺ کی بیٹی! میں دو وقت کا بھوکا ہوں۔ میرا پیٹ بھر دو۔''

حضرت فاطمہؓ نے فوراً کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا اور اپنے لختِ جگر حضرت حسنؓ سے کہا۔

''جاؤ بیٹا! یہ کھانا فقیر کو دے آؤ۔ میں نے تو ایک ہی وقت کا فاقہ کیا ہے اور اس فقیر نے دو وقت سے کھانا نہیں کھایا۔

حضرت فاطمہؓ سادگی و انکساری، تقویٰ و پرہیز گاری، ایثار و قربانی، جود و سخا، خلوص و محبت اور نیکی و ہمدردی کا عملی پیکر تھیں۔ اس لیے آپؓ کی زندگی ہر عورت کے لیے ایک عمدہ مثال اور اعلیٰ نمونہ ہے۔

**ادارہ**

●●●

**I (الف) الفاظ و معنی:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آداب | : | تہذیب/ اخلاق/ تمیز | شعار | : | طریقہ |
| اطاعت | : | فرماں برداری/ بندگی | سخی | : | فیاض/ دریادل |
| سائل | : | سوال کرنے والا/ مانگنے والا | مُیسّر | : | دستیاب/ حاصل |



©KTBS Not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فاقہ | : | کھانا نہ کھانا/ بھوکا رہنا | اطمینان | : | تسلی/صبر/ ڈھارس |
| انکساری | : | عاجزی/ خاکساری | نکاح | : | شادی/عقد |

ایثار : دوسرے کے فائدے کو اپنے فائدے پر ترجیح دینا

جمیل : حسین/خوب صورت

لقب : وہ نام جو کسی تعریف یا برائی کے سبب پڑ گیا ہو

استقبال : خیر مقدم/ احترام میں آگے بڑھنا

مَشک : وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے

تقویٰ : خدا کا خوف/ پرہیزگاری

غزوہ : وہ جنگ جس میں حضور پاک ﷺ بذاتِ خود شامل ہوتے تھے۔

(ب) مرکبات:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کم سنی | : | چھوٹی عمر | جود و سخا | : | سخاوت/بخشش |
| فراخ دل | : | سخی/کشادہ دل | عملی پیکر | : | کسی کام کو تکمیل تک پہنچانے والا |
| لختِ جگر | : | اولاد/ بیٹا بیٹی | حتی الامکان | : | جہاں تک ہو سکے |
| صاحب زادی | : | بیٹی/ دختر | | | |

(ج) محاورات:

ہاتھ کھینچ لینا : کسی کام سے ہاتھ روک لینا

نیل پڑنا : چوٹ کی وجہ سے جسم پر نیلا داغ پڑنا

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. حضرت فاطمہ زہراؓ کس کی صاحب زادی ہیں؟
2. حضرت فاطمہ زہراؓ کس لقب سے مشہور ہوئیں؟
3. حضرت فاطمہ زہراؓ کا نکاح کس سے ہوا ؟
4. شادی کے بعد حضرت فاطمہ زہراؓ کا شعار کیا رہا؟



©KTBS Not to be republished

5. حضرت فاطمہ زہراؓ کے مطابق عورت کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے؟

6. فقیر نے کتنے وقت کا کھانا نہیں کھایا تھا؟

**III** ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. حضرت فاطمہ زہراؓ جب حضورؐ سے ملنے جاتیں تو آپ ؐ کیا کرتے؟

2. غزوۂ احد میں حضورؐ کی پیشانی پر زخم آنے کی خبر سن کر حضرت فاطمہ زہراؓ نے کیا کیا؟

3. حضرت فاطمہ زہراؓ گھر کے کون کونسے کام کرتی تھیں؟

4. حضرت فاطمہ زہراؓ کی سخاوت کا کیا حال تھا؟

**IV** ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

استقبال، سادگی، خوبی، آداب، اطمینان

**V** قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چُن کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(خدمت، سخی، پردے، القاب، اطاعت)

1. حضرت فاطمہ زہراؓ کو زہرا، بتول، راضیہ وغیرہ.......................سے یاد کیا جاتا ہے۔

2. حضرت علیؓ کی.......................اور.......................ہمیشہ ان کا شعار رہا۔

3. حضرت فاطمہ زہراؓ.......................کی بڑی پابند تھیں۔

4. حضرت فاطمہ زہراؓ.......................اور فراخ دل تھیں۔

**VI** سبق میں یہ جملے کس نے کس سے کہے:

1. ''بیٹی یہ بتاؤ کہ عورت کی سب سے اچھی خوبی کونسی ہے۔''

2. ''جاؤ بیٹا۔ یہ کھانا فقیر کو دے آؤ۔''

©KTBS Not to be republished

**VII** **قواعد:** ان جملوں کو پڑھیے:

1 حضرت فاطمہ زہراؓ حضورؐ کی چہیتی صاحب زادی ہیں۔ 2 وہ نہایت حسین وجمیل تھیں۔

یہ جملے حروف کے مختلف مجموعوں سے بنے ہیں۔

مثلاً ح+ض+ر+ت=حضرت

ف+ا+ط+م+ہ=فاطمہ

ح+س+ی+ن=حسین

ک+ی=کی

اس طرح حروف کا مجموعہ، لفظ یا کلمہ کہلاتا ہے۔

**VIII** **برائے یادداشت:**

ہمارے پیارے رسول حضرت محمدؐ کی گیارہ ازواجِ مُطہرات ہیں۔ان کے نام حسبِ ذیل ہیں۔

1. حضرت خدیجہؓ 2. حضرت سودہؓ 3. حضرت عائشہؓ

4. حضرت حفصہؓ 5. حضرت زینبؓ بنت خزیمہ 6. حضرت ام سلمیٰؓ

7. حضرت زینبؓ بنت جحش 8. حضرت جویریہؓ 9. حضرت ام حبیبہؓ

10. حضرت صفیہؓ 11. حضرت میمونہؓ

ان کے علاوہ آپؐ کی ایک اور بیوی ماریہ قبطیہؓ بھی تھیں، جو کنیز تھیں اور مصر سے آئی تھیں۔ آپؐ کی کل سات اولادیں ہوئیں۔جن میں تین صاحب زادے اور چار صاحب زادیاں ہیں۔صاحب زادوں میں حضرت عبداللہؓ اور حضرت قاسمؓ کی والدہ حضرت خدیجہؓ ہیں، جب کہ حضرت ابراہیمؓ کی والدہ کا نام حضرت ماریہ قبطیہؓ ہے۔

صاحب زادیوں میں حضرت فاطمہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت زینبؓ اور حضرت رقیہؓ ہیں۔ یہ چاروں حضرت خدیجہؓ کے بطن سے ہوئیں۔

©KTBS Not to be republished

# سب سے اچھّا کام

ایران کے شہر شیراز میں ایک مال دار شخص رہتا تھا۔ اس کے تین بیٹے تھے اور وہ تینوں ہی اپنی بہادری کے



لیے مشہور تھے۔ مال دار شخص جب بوڑھا ہو گیا تو اس نے سوچا کہ مرنے سے قبل کیوں نہ اپنی دولت بیٹوں میں تقسیم کردی جائے۔ اس نے اپنے بیٹوں کو پاس بلایا اور اپنی تمام دولت ان تینوں میں برابر تقسیم کردی، مگر ایک قیمتی ہیرا اپنے پاس رکھتے ہوئے بیٹوں سے کہا کہ تم میں سے جو کوئی سب سے اچھا کام انجام دے گا، اُسے یہ ہیرا انعام میں ملے گا۔

بوڑھے باپ کی اس تجویز کو سن کر تینوں بیٹے سب سے اچھا کام انجام دینے کی دُھن میں لگ گئے۔ چند دن



بعد بڑا بیٹا اپنے باپ کے پاس آ کر کہنے لگا: ''میرے پاس ایک شخص نے بھاری رقم امانت کے طور پر رکھی۔ وہ میرے لیے اجنبی تھا۔ ہم دونوں ایک دوسرے کو جانتے تک نہ تھے۔ کچھ دنوں بعد اس اجنبی شخص نے آ کر اپنی امانت طلب کی تو میں نے بغیر کسی خیانت کے اس کی رقم لوٹا دی۔''

بیٹے کی ان باتوں کو سن کر بوڑھا ہنستے ہوئے کہنے لگا: ''یہ تو بھلائی کا معاملہ ہے۔ اس طرح تم ایک برائی سے بچ گئے۔ مگر یہ سب سے اچھا کام نہیں ہوا''۔

Not to be republished

اس کے بعد دوسرا بیٹا ایک دن اپنے باپ کے پاس آیا اور اپنا کارنامہ سنانے لگا:



"میں ایک دن دریا کے کنارے جا رہا تھا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک چھوٹا سا لڑکا دریا میں گر گیا ہے اور اس کی پریشان ماں مدد کے لیے پکار رہی ہے۔ لڑکے کو بہتے پانی سے بچانا بہت خطرناک تھا۔ میں جان کی پرواہ کیے بغیر دریا میں کود پڑا اور لڑکے کی جان بچائی۔"

بوڑھے باپ نے اس کارنامے کو سن کر بیٹے سے کہا:

"یہ یقیناً بہت اچھا کام ہے۔ اگر کوئی اتنا بھی نہ کرے تو پھر وہ انسان ہی کیا۔ یہ کوئی غیر معمولی کارنامہ نہیں ہے۔"

آخر میں تیسرے بیٹے نے اپنا واقعہ یوں بیان کیا: "ایک دفعہ رات دیر گئے میں جنگل کے قریب سے گذر رہا تھا، آسمان پر گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔ وقفہ وقفہ سے بجلیوں کے کڑکنے کی آواز دل کو دہلا رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ راستے کے کنارے ایک شخص بے ہوش پڑا ہوا ہے۔ شاید اسے کسی زہریلے سانپ نے ڈس لیا تھا۔ قریب جا کر میں نے اُسے دیکھا تو معلوم ہوا کہ یہ کوئی اور نہیں بلکہ میرا جانی دشمن ہے۔ اپنے دشمن کو اس حال میں دیکھ کر پہلے تو مجھے خوشی ہوئی لیکن پھر میرے دل نے مجھ سے کہا کہ یہ بے ہوش شخص اپنی زندگی کی



©KTBS
Not to be republished

آخری سانسیں گن رہا ہے۔ اس کی جان بچانا تمہارا اولین فرض ہے۔ میں نے اپنے دل کی آواز سنی اور اسے قریبی شفا خانہ لے گیا جہاں طبیبوں نے اس کی جان بچائی۔



اس واقعہ کو سن کر بوڑھے باپ نے اپنے چھوٹے بیٹے کو مبارک باد دی اور گلے لگایا۔ پھر اپنے تینوں بیٹوں سے کہا ''اب بتاؤ تم میں سے کس نے سب سے اچھا کام کیا ہے اور کون اس قیمتی ہیرے کا مستحق ہے؟''

دونوں بھائیوں نے فوراً چھوٹے بھائی کا نام لیا اور کہا کہ وہی اس قیمتی ہیرے کا حق دار ہے۔ کیوں کہ اس نے اپنے جانی دشمن کی جان بچا کر انسانیت کی ایک بہترین مثال قائم کی ہے۔

ادارہ

●●●

I (الف) الفاظ و معنی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قبل | : | پہلے | خیانت | : | امانت میں چوری/ غبن/ دھوکا |
| تجویز | : | رائے/ صلاح | کارنامہ | : | غیر معمولی کام/ یادگار کام |
| تقسیم | : | حصہ کرنا/ بانٹنا | اجنبی | : | انجان/ ناواقف |
| اوّلین | : | سب سے پہلا | انسانیت | : | آدمیت/ تمیز |
| مستحق | : | حق رکھنے والا/ حق دار | | | |
| دُھن | : | خیال/ خواہش/ کسی کام کے پیچھے لگ جانا | | | |
| امانت | : | حفاظت کے لیے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا | | | |

©KTBS Not to be republished

(ب) مرکبات:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مال دار | : | دولت رکھنے والا | شفاخانہ | : | دواخانہ |
| حق دار | : | حق رکھنے والا | بے ہوش | : | جسے ہوش نہیں رہتا |
| غیر معمولی | : | بہت اچھا/معمول کے خلاف | خطرناک | : | جس سے نقصان کا ڈر ہو |

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. مال دار شخص کہاں رہتا تھا؟
2. مال دار بوڑھے شخص نے کیا سوچا؟
3. تینوں بیٹے کس دھن میں جٹ گئے؟
4. لڑکے کی جان کس نے بچائی؟
5. تیسرے بیٹے نے راستے کے کنارے کیا دیکھا؟
6. ہیرے کا حق دار کون بنا؟

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. مال دار بوڑھے نے اپنے بیٹوں کو پاس بلا کر کیا کیا؟
2. بڑے بیٹے نے کونسا اچھا کام انجام دیا؟
3. دوسرے بیٹے نے اپنا کونسا کارنامہ بیان کیا؟
4. چھوٹے بیٹے کو ہیرے کا حق دار کیوں قرار دیا گیا؟

©KTBS
Not to be republished

**IV** ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

تجویز، اجنبی، پریشان، مدد، خطرناک

**V** نیچے دی گئی عبارت کی خالی جگہوں کو اپنی یادداشت کی مدد سے پُر کیجیے:

ایک دفعہ..........دیر گئے میں..........کے قریب سے گذر رہا تھا..............پر گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔ وقفے وقفے سے..................کے کڑکنے کی آواز..........کو دہلا رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ..............کے کنارے ایک شخص..............پڑا ہوا ہے۔

**VI** ان الفاظ کی ضد لکھیے:

دن، امانت، اچّھا، قریب،
دشمن، زندگی، بھلائی، چھوٹا

**VII** قواعد:

ان جملوں کو غور سے پڑھیے:

1. ایران کے شہر شیراز میں ایک مال دار شخص رہتا تھا۔
2. بیٹے کی باتوں کو سُن کر بوڑھا ہنسنے لگا۔
3. یہ تو بھلائی کا معاملہ ہے۔

ان جملوں پر غور کریں تو محسوس ہوگا کہ لفظ دو طرح کے ہوتے ہیں۔

پہلی قسم کے الفاظ جیسے ایران، شہر، شیراز، مال دار، شخص، بیٹے، بوڑھا، بھلائی وغیرہ

دوسری قسم کے الفاظ جیسے کے، کی، کا، کو، میں وغیرہ

©KTBS Not to be republished

پہلی قسم کے الفاظ کوئی نہ کوئی معنی رکھتے ہیں۔ یہ ایسے الفاظ ہیں، جن کے معنی بول چال یا لغت میں طے کیے گئے ہیں۔ ایسے بامعنی الفاظ کو قواعد کی زبان میں مستقل کلمہ کہتے ہیں۔ دوسری قسم کے الفاظ کے اپنے کوئی معنی نہیں ہیں۔ لیکن یہ دو لفظوں کو جوڑنے میں مدد کرتے ہیں۔ اس طرح کے الفاظ کو غیر مستقل یا مہمل کلمہ کہا جاتا ہے۔

اس طرح معلوم یہ ہوا کہ کلمہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

1. مستقل کلمہ 2. غیر مستقل یا مہمل کلمہ

1. مستقل کلمے کی پانچ قسمیں ہیں۔

1۔ اسم 2۔ ضمیر 3۔ صفت 4۔ فعل 5۔ متعلق فعل

2. غیر مستقل کلمہ کی چار قسمیں ہیں۔

1۔ ربط 2۔ عطف 3۔ تخصیص 4۔ فجائیہ

**VIII برائے یادداشت:**

چند اور اچھے کام

- ہمیشہ سچ بولیں۔
- غصے میں اپنے آپ پر قابو رکھیں۔
- بزرگوں کا ادب کریں۔
- مشکل میں دوسروں کے کام آئیں۔
- غرور و تکبر سے پرہیز کریں۔

●●●

©KTBS Not to be republished



# ہمدردی

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا
بلبل تھا کوئی اُداس بیٹھا

کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی
اُڑنے چُگنے میں دن گزارا

پہنچوں کس طرح آشیاں تک
ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا

سن کر بلبل کی آہ و زاری
جگنو کوئی پاس ہی سے بولا

حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے
کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا

کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری
میں راہ میں روشنی کروں گا

اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل
چمکا کے مجھے دِیا بنایا

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

علامہ اقبالؒ

Not to be republished

I (الف) الفاظ و معنی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شجر | : | درخت/ پیڑ | تنہا | : | اکیلا |
| چگنے | : | پرندوں کا چونچ سے دانہ کھانا | اداس | : | غم گین/ رنجیدہ |
| آشیاں | : | گھونسلا | جُہاں | : | دُنیا |
| مشعل | : | بہت موٹی روشن بتی | دِیا | : | چراغ |

(ب) مرکبات:

آہ و زاری : رونا دھونا/ رونا پیٹنا   جان و دل سے : نہایت خوشی سے

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے:

1. بُلبل کہاں بیٹھا تھا؟
2. بُلبل اُداس کیوں تھا؟
3. بُلبل کی آہ و زاری کس نے سنی؟
4. اللہ نے جگنو کو چمکا کے کیا بنایا؟
5. جگنو نے بُلبل سے کیا کہا؟
6. دُنیا میں کون لوگ اچھے ہیں؟

III نیچے دیے گئے جملوں میں الفاظ کی ترتیب کو اس طرح بدلیے کہ وہ شعر کے دو مصرعے بن جائیں:

1. کسی شجر کی ٹہنی پہ کوئی بُلبل تنہا اُداس بیٹھا تھا
2. بُلبل کی آہ و زاری سن کر پاس ہی سے کوئی جگنو بولا
3. کس طرح آشیاں تک پہنچوں، اندھیرا ہر چیز پہ چھا گیا
4. جہاں میں وہی لوگ اچھے ہیں جو دوسروں کے کام آتے ہیں

©KTBS Not to be republished

**IV** **اس شعر کے خط کشیدہ الفاظ کو نیچے دیے گئے خاکے میں تلاش کیجیے اور مثال کے مطابق نشان لگائیے:**

<u>ٹہنی</u> پہ <u>کسی</u> <u>شجر</u> کی <u>تنہا</u> <u>بُلبل</u> تھا کوئی <u>اُداس</u> بیٹھا

مثال: کسی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | ن | ہ | ا | ٹ |
| ب | ش | ج | ر | ہ |
| ل | ب | م | ت | ن |
| ب | ل | (ک | س | ی) |
| ل | ا | د | ا | س |

**V** **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:**

مدد، راہ، روشنی، لوگ، اُداس،

**VI** **قواعد:**

ہم معنی، یعنی ایک ہی معنی رکھنے والے الفاظ 'مترادف الفاظ' یا 'مترادفات' کہلاتے ہیں۔

مثال: سورج، شمس، آفتاب اور خورشید ایک ہی معنی رکھنے والے الفاظ ہیں۔ اسی طرح قمر، چاند، اور ماہتاب بھی ہم معنی یعنی مترادف الفاظ ہیں۔

نیچے دیے گئے الفاظ کے مترادفات اس نظم میں تلاش کر کے لکھیے:

شاخ، درخت، شب، گھر، قریب، دُنیا

**VII** **برائے یادداشت**

نظم کے معنی موتی پرونے کے ہیں، شاعری میں اشعار کے ایسے مجموعے کو نظم کہتے ہیں، جس میں ایک موضوع یا ایک خیال کو پیش کیا گیا ہو اور جس کے تمام اشعار مسلسل اور ایک دوسرے سے ربط رکھنے والے ہوں۔ اسی لیے حمد، نعت، دُعا وغیرہ نظم کہلاتی ہیں۔ کیوں کہ ان میں ایک ہی موضوع پر اشعار کہے جاتے ہیں۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# لباس اور کردار

تاریخ پر نگاہ ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ دنیا میں جتنے بھی پیغمبر، پیر، سادھو، سنت اور عظیم انسان گذرے ہیں، سب انتہائی منکسر المزاج اور سادگی پسند تھے۔ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ سے بڑھ کر عظیم اور کون ہوسکتا ہے۔ مگر آپ ﷺ نے ہمیشہ ایک عام انسان کی زندگی بسر کی۔ بسا اوقات آپ کے لباس مبارک میں ستّر ستّر پیوند لگے ہوتے تھے اور نعلین کے تسمے اکثر و بیشتر ٹوٹے ہوئے ہوتے۔ مگر اس سادگی میں بھی بڑے بڑے سرکش سرداروں کو آپ ﷺ سے نظریں ملا کر بات کرنے کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔ کیوں کہ باطنی پاکیزگی کے سبب آپ ﷺ کا چہرۂ مبارک ہر دَم پُرنور رہتا تھا۔

مہاتما بدھ نے جب محل کے آرام و آسائش کو ٹھکرا کر جنگل کی راہ لی تو انھوں نے پہلا کام یہ کیا کہ اپنا شاہی لباس اتار کر نوکر کے حوالے کر دیا اور اس کے معمولی کپڑے خود زیب تن کیے۔ کیوں کہ گوتم بدھ جانتے تھے کہ انھیں آگے جو راستہ درپیش ہے وہاں جسمانی آرائش کی نہیں روحانی پاکیزگی کی ضرورت ہے۔

مہاتما گاندھی کی شخصیت سے کون واقف نہیں، جوانی تک وہ سوٹ بوٹ پہنتے رہے لیکن انھوں نے جب ہندوستانیوں کی غربت دیکھی تو لباس کے طور پر صرف ایک دھوتی باندھنی پسند کی اور آخری عمر تک ان کا یہی شعار رہا۔ اسی دھوتی میں انھوں نے انگلستان کی گول میز کانفرنس میں شرکت کی۔ انگریزوں نے انھیں بڑی حقارت سے دیکھا مگر مہاتما جی نے کانفرنس میں ایسی ولولہ انگیز تقریر کی کہ برطانوی حکومت کے ایوانوں میں زلزلہ آ گیا۔

آپ نے بیسویں صدی کے ایک بڑے سائنس دان آئن اسٹائن کا نام ضرور سنا ہوگا۔ اس عظیم شخص کے علم و دانش کا ایک عالم مدّاح ہے۔ اپنی نجی زندگی میں نہایت سادگی سے رہتا تھا۔ بالخصوص اس کا لباس ڈھیلا ڈھالا اور معمولی قیمت کا ہوتا تھا۔ ایک دن کسی نے اس سے کہا۔ ’’آپ اتنے بڑے سائنس دان ہیں، ساری دنیا آپ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اور ایسی معمولی پوشاک پہنتے ہیں؟‘‘ آئن اسٹائن نے ہنس کر جواب دیا۔



©KTBS Not to be republished

''بھائی پیکنگ کی اہمیت نہیں ہوتی، اندر کا مال اچھا ہونا چاہیے''۔

عظیم سائنس دان نے یہ بات بظاہر مذاق میں کہی تھی۔ اگر ہم غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس نے ایک بڑی حقیقت کا انکشاف کیا ہے۔

انسانی شخصیت کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ ایک جسمانی وظاہری اور دوسرا روحانی و باطنی۔ معمولی اور کم حوصلہ لوگ محض ظاہری شخصیت کو سنوارنے کے لیے بھڑکیلے لباس اور قیمتی زیور پہنتے ہیں۔ طرح طرح کے فیشن کرتے ہیں اپنے آپ کو خوب سجاتے اور سنوارتے ہیں ان کے برعکس عظیم لوگ ظاہری دکھاوے پر کوئی توجہ نہیں دیتے بلکہ وہ اپنے باطن کو یوں نکھارتے اور سنوارتے ہیں کہ ان کی شخصیت سورج کی طرح منور ہو جاتی ہے۔ سادگی ان کا لباس، تلاش وجستجو ان کا سرمایہ، اور نیکی وشرافت ان کا زیور بن جاتی ہے۔ ایسا ہرگز نہیں سمجھنا چاہیے کہ انسان کو اپنے لباس اور رہن سہن کی طرف توجہ ہی نہیں دینی چاہیے۔ روٹی اور مکان کی طرح لباس بھی انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ صاف ستھرا، سادہ اور معقول لباس، ہر معاشرے میں عزّت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ غیر ضروری بناؤ سنگھار اور زیبائش سے غرور اور تکبّر پیدا ہوتا ہے، جبکہ سادہ لباس انسان میں عجز وانکسار پیدا کرتا ہے۔ عظیم شخصیتیں ظاہری شان وشوکت کی ہرگز محتاج نہیں ہوتیں۔

نہیں حاجت ہے زیور کی جسے خوبی خدا دیوے۔

ادارہ

●●●

1 (الف) الفاظ ومعنی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عظیم | : | بڑا/ بزرگ | پیغمبر | : | خدا کا پیغام لانے والے |
| زیبائش | : | آرائش/ زینت/ خوش نمائی | پیوند | : | جوڑ |
| نعلین | : | جوتوں کا جوڑا | سرکش | : | نافرمان/ باغی/ مغرور |

تسمے : جوتے کے فیتے — جرأت : دلیری/ بہادری

باطن : اندرونی حصہ/ پوشیدہ چیز — روحانی : روح سے متعلق/ دلی

حقارت : ذلت/ نفرت/ بے عزّتی — ایوان : محل/ مکان

مدّاح : تعریف کرنے والا — انکشاف : کُھلنا/ ظاہر ہونا

منوّر : روشن/ چمک دار — عالَم : دنیا/ جہاں

تاریخ : گذرے ہوئے زمانے کے حالات وواقعات

آرائش : خوش نمائی/ سجاوٹ/ بناؤ سنگھار

(ب) مرکبات:

بسا اوقات : بہت دفعہ/ اکثر — درپیش : سامنے/ روبہ رو

زیب تن کرنا : پہننا — برعکس : اُلٹ/ برخلاف

پُرنور : نور سے بھرا ہوا — عجز وانکسار : اپنے آپ کو کم تر سمجھنا

ولولہ انگیز : جوش پیدا کرنے والا

منکسر المزاج : جس کے مزاج میں انکسار ہو

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. دُنیا میں جتنے عظیم انسان گذرے ہیں، وہ کیسے تھے؟
2. ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ نے ہمیشہ کیسی زندگی بسر کی؟
3. آئن اسٹائن کا لباس کیسا تھا؟
4. انسان کی شخصیت کے دو پہلو کونسے ہیں؟
5. غیر ضروری بناؤ سنگھار کرنے سے کیا ہوتا ہے؟
6. کیسا لباس ہر معاشرے میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے؟

©KTBS
Not to be republished

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. حضورؐ کی سادگی پسندی پر روشنی ڈالیے؟
2. مہاتما بدھ نے شاہی لباس اتار کر نوکر کا لباس کیوں زیب تن کیا؟
3. معمولی پوشاک پر کیے گئے سوال کے جواب میں آئن اسٹائن نے کیا کہا؟
4. عظیم انسان شخصیت کے کس پہلو پر زیادہ توجہ دیتے ہیں؟
5. غیر ضروری بناؤ سنگھار کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ بتائیے۔

IV 'الف' اور 'ب' کو جوڑ کر مناسب جملے بنائیے اور لکھیے :

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| 1. حضورؐ کے لباس مبارک میں بسا اوقات | a. دھوتی باندھنی پسند کی۔ |
| 2. مہاتما بدھ نے اپنا شاہی لباس اتار کر | b. ستر ستر پیوند لگے ہوتے تھے۔ |
| 3. مہاتما گاندھی نے جب ہندوستانیوں کی غربت دیکھی تو لباس کے طور پر صرف ایک | c. ڈھیلا ڈھالا اور معمولی قیمت کا ہوتا تھا۔ |
| 4. آئن اسٹائن کا لباس | d. نوکر کے معمولی کپڑے خود زیب تن کیے۔ |

V ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

عظیم، جرأت، غرور، لباس، عالم

VI اس سبق سے چھ ایسے مرکبات تلاش کر کے لکھیے جو 'واؤ' کے استعمال سے بنے ہیں:

مثال: آرام + و + آسائش = آرام و آسائش

©KTBS Not to be republished

**VII قواعد:**

ان جملوں کے خط کشیدہ الفاظ پر غور کیجیے:

1. ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ نے ہمیشہ عام انسان کی زندگی بسر کی۔

2. مہاتما گاندھی نے انگلستان کی گول میز کانفرنس میں شرکت کی۔

3. عظیم سائنس داں آئن اسٹائن ہمیشہ ڈھیلا ڈھالا لباس پہنتا تھا۔

یہ تمام خط کشیدہ الفاظ کسی شخص، جگہ، یا چیز کے نام کو ظاہر کرتے ہیں۔

لہٰذا تمام ایسے الفاظ جو کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں انھیں 'اسم' کہا جاتا ہے۔

اسم کی دو قسمیں ہیں۔

1. اسمِ خاص 2. اسمِ عام

**VIII برائے یادداشت:**

امجد حسین حافظ کرناٹکی کی یہ رباعی پڑھیے اور یاد رکھیے۔

شفاف بدن رکھنا بھی اک خوبی ہے
ہاں پاکیزہ پن رکھنا بھی اک خوبی ہے
لیکن یہ حقیقت ہے کہ اس سے بڑھ کر
ایک نیک چلن رکھنا بھی اک خوبی ہے

●●●



©KTBS Not to be republished

# غرور کا سر نیچا

ایک ملّاح اپنی کشتی لیے دریا کے کنارے مسافروں کا انتظار کر رہا تھا۔ وہ لوگوں کو دریا کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر لے جاتا تھا اور ان سے کشتی کا کرایہ وصول کرتا تھا۔ اتفاق سے ایک معزز اور پڑھا لکھا مسافر دریا عبور کرنے کے لیے آ پہنچا۔ اس نے ملّاح سے کہا۔



مسافر: ''مجھے دریا پار جانا ہے۔ جلدی چلو''۔

ملّاح: ''جناب! ایک دو مسافر اور آ جائیں تو چلیں گے۔''

مسافر: ''نہیں میاں! مجھے ذرا جلدی جانا ہے، دریا پار والے قصبے میں ایک شادی میں شریک ہونا ہے۔''

ملّاح نے اسے کشتی میں بٹھایا اور کشتی چلانے لگا۔ راستے میں مسافر نے ملّاح سے بات چیت شروع کی۔

مسافر: ''میں ایک پڑھا لکھا شخص اور قواعد کا استاد ہوں۔ شاہی دربار میں میری بہت عزّت کی جاتی ہے۔ میں شہزادوں کو تعلیم دیتا ہوں۔ میاں! یہ تو بتاؤ کیا تم نے قواعد پڑھی ہے؟''

ملّاح بے چارہ اَن پڑھ تھا، قواعد پڑھنا تو کیا اسے قواعد کا مطلب بھی معلوم نہیں تھا۔

ملّاح: ''نہیں جناب میں نے قواعد نہیں پڑھی۔''

مسافر: ''افسوس، تم نے اپنی آدھی عمر ضائع کر دی۔''

ملّاح کو مسافر کی اس بات پر بہت غصّہ آیا۔ غصّہ سے پیچ و تاب کھانے لگا۔ لیکن بظاہر خاموش رہا اور مسافر سے اس بات کا بدلہ لینے کی تدبیر سوچنے لگا، کیوں کہ مسافر نے غرور کے نشے میں ملاح کی کم علمی اور اَن پڑھ ہونے کا مذاق اڑایا تھا۔ حالاں کہ علم انسان کو اچھا اور نیک کام کرنے کا راستہ دکھاتا ہے۔ کشتی ابھی دریا کے بیچ ہی میں تھی کہ اچانک تیز ہوائیں

© KTBS Not to be republished

چلنے لگیں اور شدید طوفان نے کشتی کو آ گھیرا۔ کشتی گرداب میں پھنس کر چکّر کھانے لگی تو مسافر پریشان ہو گیا۔



مسافر: ''جلدی چلو بھائی ! کشتی کو گرداب سے نکالو۔''

ملّاح نے کشتی چلاتے ہوئے بلند آواز سے مسافر کو مخاطب کیا۔

ملّاح: ''کیوں جناب! آپ کو تیرنا آتا ہے''؟

مسافر: ''نہیں ، مجھے تیرنا بالکل نہیں آتا، مگر تم یہ کیوں پوچھ رہے ہو بھائی۔''

ملّاح: (ہنستے ہوئے) ''افسوس۔''

مسافر: (حیرت سے) ''افسوس کس بات کا، خیریت تو ہے؟''



ملّاح: ''مجھے قواعد نہیں آتی اس لیے میری آدھی عمر ضائع ہو گئی، لیکن آپ کو تیرنا نہیں آتا تو آپ کی ساری عمر ضائع ہو جائے گی، کیوں کہ کشتی کو طوفان سے نکالنا اب ناممکن ہے، کشتی تو اب ڈوبنے ہی والی ہے۔''

ملّاح کی باتوں کو سن کر مسافر کی حالت غیر ہونے لگی۔ اُسے اپنی موت قریب نظر آئی۔

مسافر کی اس حالت کو دیکھ کر ملاح نے مسکرا کر کہا:

''جناب! آپ گھبرائیے نہیں! میں آپ کی جان ضرور بچاؤں گا۔ میں تیرنے کے فن سے خوب واقف ہوں لیکن میں آپ کی طرح اپنے ہنر پر غرور نہیں کرتا۔ مجھے یہ معلوم ہے کہ غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہوتا ہے۔''

ادارہ



©KTBS Not to be republished

I الفاظ ومعنی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ملاّح | کشتی چلانے والا | شدید | تیز |
| عبور کرنا | پار کرنا | ہنر | کام/فن/خوبی |
| ضائع | بے فائدہ/ لا حاصل | گرداب | بھنور/ پانی کا چکر |
| مُعَزز | عزت رکھنے والا/ بزرگ | تدبیر | علاج/کوشش/حکمت |
| قصبہ | بڑا گاؤں/ چھوٹا شہر | بلند | اونچا/لمبا |
| قواعد | زبان کے اصول | | |

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. ملاّح کشتی لیے کس کا انتظار کر رہا تھا؟
2. مسافر دریا پار کیوں جانا چاہتا تھا؟
3. قواعد نہ پڑھنے کی بات پر مسافر نے ملاح سے کیا کہا؟
4. کشتی کس میں پھنس کر چکّر کھانے لگی؟
5. عِلم انسان کو کونسا راستہ دکھاتا ہے؟
6. کشتی کے گرداب میں پھنسنے کے بعد ملاح نے مسافر سے کیا پوچھا؟

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. ملاّح کا کام کیا تھا؟
2. مسافر نے ملاّح کو اپنے بارے میں کیا بتایا؟
3. مسافر کیوں پریشان ہوا؟
4. مسافر کی حالت غیر ہوتے دیکھ کر ملاّح نے کیا کہا؟

©KTBS
Not to be republished

**IV** سبق میں یہ جملے کس نے کس سے کہے:

1. ''کیا تم نے قواعد پڑھی ہے؟''

2. ''کیوں جناب! آپ کو تیرنا آتا ہے؟''

**V** ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

انتظار، ضائع، بلند، مسافر، اتفاق

**VI** نیچے دیے گئے الفاظ سے مذکر اور مونث کی الگ الگ فہرستیں بنائیے:

کشتی، دریا، شادی، راستہ، تعلیم، عمر، غصّہ،

عِلم، ہَوا، طوفان، آواز، جان، ہنر، افسوس

**VII** قواعد:

سبق میں استعمال ہوئے ان فقروں اور ان کے معنوں پر غور کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| پیچ و تاب کھانا | : | اندر ہی اندر غصہ ہونا / بے چین ہونا |
| حالت غیر ہونا | : | پریشان ہونا / بُری حالت ہونا |
| سر نیچا ہونا | : | شرمندہ ہونا |

یہ تینوں مُحاوَرے ہیں


ایسا فقرہ جسے حقیقی معنی کے بجائے مجازی یا مرادی معنوں میں استعمال کیا جائے مُحاوَرہ کہلاتا ہے۔

**VIII** برائے یادداشت:

غرور پر یہ رباعی پڑھیے اور یاد رکھیے۔

کچھ دن ہی تنا رہتا ہے مغرور کا سر        تا عمر جھکا رہتا ہے مغرور کا سر
ہوتی ہے اِسے موت بھی ذلت کی نصیب        کٹنے کو بچا رہتا ہے مغرور کا سر

©KTBS Not to be republished



# پیاراوطن

ہمالہ کی چاندی پگھلتی رہے
مِرے گھر میں گنگا ابلتی رہے
یہ گاندھی، یہ گوتم کی پیاری زمیں
ہمیشہ جواہر اگلتی رہے

اہنسا کا اب بول بالا رہے
ترنگے کا جگ میں اُجالا رہے

©KTBS Not to be republished

حَسین آج کتنی ہے میری زمیں
کہو تم نے دیکھی ہے ایسی کہیں
یہ صورت یہ تنویر یہ جمہوریت
نظر آج رُخ پر ٹھہرتی نہیں

قَسم کھا کے کہتا ہوں اے میری ماں
میں اونچا رکھوں گا ترا یہ نشاں

میری زندگی ہوگی تیرے لیے
میری بندگی ہوگی تیرے لیے
یہی فخر کیا کم ہے میرے لیے
میرے خُوں کی سُرخی ہے تیرے لیے

میری ماں! تُو مجھ سے بھی کچھ کام لے
ضرورت ہو میری تو آواز دے

سلیمان خطیبؔ

I الفاظ و معنی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جواہر | : | ہیرے (جوہر کی جمع) | اہنسا | : | امن/سلامتی |
| تنویر | : | روشنی/نور/چمک | جمہوریت | : | عوامی حکومت |
| جَگ | : | دنیا | رُخ | : | چہرہ/سمت |
| بندگی | : | خدمت/اطاعت | سرخی | : | لال رنگ کی کیفیت/لالی |
| فخر | : | ناز/غرور | ترنگا | : | تین رنگوں والا ہمارا قومی پرچم |

©KTBS
Not to be republished

**II** ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. 'ہمالہ کی چاندی پگھلتی رہے' میں چاندی سے شاعر کی مراد کیا ہے؟
2. جگ میں کس کا بول بالا ہونا چاہیے؟
3. وطن کی زمین سلیمان خطیبؔ کو کیسی لگ رہی ہے؟
4. سلیمان خطیبؔ قسم کھا کر کیا کہہ رہے ہیں؟
5. سلیمان خطیبؔ اپنے خون کی سرخی کس کے لیے دینا چاہتے ہیں؟
6. ''پیارا وطن''، نظم کے آخری شعر میں شاعر نے کیا کہا ہے؟

**III** ان مصرعوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

1. حسین آج کتنی ہے میری ..............................
2. کہو تم نے .............................. ہے ایسی کہیں
3. یہ صورت پہ .............................. یہ جمہوریت
4. نظر آج .............................. پر ٹھہرتی نہیں

**IV** نیچے دیے گئے الفاظ کے قافیے اس نظم میں تلاش کر کے لکھیے :

بول بالا ، ابلتی، تیرے، زندگی، نشاں

**V** ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

زمین، ہمیشہ، اجالا، رُخ، زندگی

©KTBS Not to be republished

VI قواعد: نظم کے اس بند کو غور سے پڑھیے:

ہمالہ کی چاندی پگھلتی رہے
میرے گھر میں گنگا ابلتی رہے
یہ گاندھی، یہ گوتم کی پیاری زمیں
ہمیشہ جواہر اگلتی رہے
اہنسا کا اب بول بالا رہے
ترنگا کا جگ میں اجالا رہے

خط کشیدہ نام، سرزمین ہندوستان کی اُن عظیم شخصیتوں کے ہیں، جنھوں نے نہ صرف ہندوستان کو بلکہ ساری دُنیا کو امن وسلامتی اور اہنسا یعنی عدم تشدد کا سبق دیا۔ شاعر کہتا ہے کہ ہندوستان میں اہنسا کا بول بالا ان ہی شخصیتوں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

**تلمیح:** اس طرح کلام میں کسی مشہور شخصیت، واقعہ یا مذہبی روایت کی طرف اشارے کرنا تلمیح کہلاتا ہے۔
'ہمیشہ جواہر اگلتی رہے' اس مصرعے میں شاعر نے جہاں جواہر کو ہیروں کے معنی میں استعمال کیا ہے، وہیں شاعر کا اشارہ ہندوستان کے ممتاز رہنما جواہر لال نہرو کی جانب بھی ہے۔

**برائے یادداشت**

1۔ نظم طویل ہو جائے تو شاعر اُسے مختلف حصوں میں بانٹتا ہے۔ اس طرح کی نظم کا ایک حصہ 'بند' کہلاتا ہے۔ اگر کسی نظم کے ایک حصے یا بند میں پانچ مصرعے پائے جائیں تو اسے 'مخمس' کہتے ہیں۔ جب کہ کسی بند میں چھ مصرعے پائے جائیں تو ایسی نظم 'مسدّس' کہلاتی ہے۔ سلیمان خطیب نے اپنی یہ نظم 'پیارا وطن' مسدّس کی شکل میں لکھی ہے۔

2۔ حب الوطنی سے متعلق اقبالؔ کی نظم ''ترانۂ ہندی'' زبانی یاد کریں۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# علاّمہ اقبالؔ



گرمیوں کی تعطیلات تھیں۔حمیدہ،خالدہ،آصف اور کاشف تفریح کی غرض سے اپنی نانی اماّں کے ہاں شہر سے دور گاؤں گئے ہوئے تھے۔ایک دن دوپہر کھانے کے بعد سب بچّوں نے یہ طے کیا کہ نانی اماّں سے کوئی کہانی سنیں گے۔انھوں نے کمرے میں جھانک کر دیکھا،نانی اماّں چار پائی پر آرام کر رہی تھیں۔کسی میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ نانی اماّں کے آرام میں مخل ہو۔نانی اماّں نے بچّوں کی کھسر پھسر سنی تو تمام بچّوں کو اپنے کمرے میں بلا لیا۔سبھی بچّے فوراً چار پائی کے اطراف بیٹھ گئے۔

حمیدہ نے نانی اماّں سے کہا۔''نانی اماّں چھٹیوں کے بعد ہمارے اسکول میں ایک تحریری مقابلہ ''میرا پسندیدہ شاعر'' کے عنوان سے رکھا گیا ہے۔اس مقابلے میں حصہ لینے کے لیے آپ میری مدد فرمائیے اور بتائیے کہ میں کس شاعر پر اپنا مضمون لکھوں۔''

نانی اماّں نے حمیدہ کی بات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

''تم ضرور اس مقابلے میں حصہ لو اور میں تمھیں اردو کے مشہور شاعر علاّمہ اقبالؔ کے تعلق سے ضروری اور اہم



© KTBS Not to be republished

باتیں بتاؤں گی''۔

خالدہ، نانی امّاں کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی پوچھ بیٹھی۔

''علاّ مہ اقبالؔ! کیا علاّ مہ اقبالؔ واقعی اردو کے مشہور شاعر ہیں''؟

نانی امّاں نے جواب دیا۔''ہاں علاّ مہ اقبالؔ کا شمار اردو کے اہم اور مشہور ترین شاعروں میں ہوتا ہے۔کیا تم نے ان کا ترانہ نہیں سنا، جو عام طور سے قومی تہواروں کے موقع پر گایا جاتا ہے''۔

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

آصف نے فوراً کہا۔''ہاں ہاں! ہم نے یہ ترانہ نہ صرف سنا ہے بلکہ اس کو گایا بھی ہے۔کیا یہ اقبالؔ ہی کا لکھا ہوا ہے؟''

نانی اماں نے جواب دیا۔''ہاں یہ اقبالؔ کا لکھا ہوا ترانہ ہے۔''

حمیدہ نے خوش ہو کر بے اختیار کہا۔''نانی امّاں میں اقبالؔ پر ہی مضمون لکھوں گی۔آپ مجھے ان کے بارے میں بتائیے۔''

نانی امّاں نے کہنا شروع کیا۔''اقبال 9رنومبر 1877 کو سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ان کے والد کا نام شیخ محمد حسین اور والدہ کا نام امام بی ہے۔ثانوی اور ہائی اسکول کی تعلیم انھوں نے سیال کوٹ کے اسکاچ مشن ہائی اسکول سے حاصل کی اور میٹرک کا امتحان امتیازی نشانات سے کامیاب کیا۔اس کے بعد اپنے استاد سید میر حسن کے مشورے پر گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔یونیورسٹی بھر میں پہلا مقام حاصل کرنے پر انھیں گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔پھر اقبالؔ ایم اے کے امتحان میں صوبہ پنجاب میں اول آئے اور ایک بار پھر گولڈ میڈل حاصل کیا۔

''علاّ مہ اقبالؔ نے ایم اے کا امتحان کب پاس کیا اور اس کے بعد ان کی مصروفیتیں کیا تھیں۔''حمیدہ نے سوال کیا۔

''بیٹی! اقبالؔ نے مارچ 1899 میں ایم اے کا امتحان پاس کیا۔پھر پنجاب یونیورسٹی کے اورینٹل کالج لاہور میں ریسرچ اسکالر مقرر ہوئے۔شاعری کی ابتدا تو انھوں نے اسی زمانے ہی میں کی تھی جب وہ ساتویں آٹھویں جماعت میں پڑھتے تھے۔اب شاعری کے ساتھ ساتھ انھوں نے علمی اور تحقیقی کاموں کی جانب توجہ کی۔''

نانی امّاں نے ابھی اتنا کہا ہی تھا کہ کاشف نے فوراً سوال کیا۔''نانی اماں! یہ ریسرچ اسکالر کسے کہتے ہیں۔''



©KTBS Not to be republished

نانی اماّں نے سمجھایا۔ ''بیٹا! علمی میدان میں ایک موضوع پر تحقیق کر کے نئی نئی باتیں پیش کرنے والے کو ریسرچ اسکالر کہتے ہیں۔ اس کے بعد انھیں پی ایچ ڈی کی ڈگری دی جاتی ہے۔ اس لیے وہ ڈاکٹر کہلاتے ہیں۔ علاّمہ اقبالؔ نے بھی ایم اے کے بعد پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی۔ اس لیے انھیں ڈاکٹر اقبالؔ کہا جاتا ہے۔''

''پی ایچ ڈی کے بعد اقبالؔ نے کیا کیا؟'' یہ حمیدہ کا سوال تھا۔

''پی ایچ ڈی کے بعد اقبالؔ قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن گئے اور سن 1908 میں بیرسٹر ایٹ لا کی ڈگری حاصل کی۔ لندن سے واپسی کے بعد گورنمنٹ کالج میں فلسفہ کے استاد مقرر ہوئے۔ پھر انڈین لا رپورٹس میگزین کے معاون مدیر بنے۔ سن 1910 میں انجمن حمایت اسلام کالج کے سکریڑی بنائے گئے۔ سن 1911 میں آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس کی صدارت کی۔ ان سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ اقبالؔ نے شاعری اور مضامین لکھنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس دوران ایک اہم واقعہ ہوا۔''

نانی اماّں سانس لینے کے لیے رکیں تو حمیدہ نے جلدی سے پوچھا۔ ''وہ اہم واقعہ کیا تھا؟''

''اقبالؔ کی بے انتہا شان دار علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں حکومت نے انھیں جنوری 1923 میں 'سر' کا خطاب دینے کا اعلان کیا۔ لیکن اقبالؔ نے یہ اہم خطاب لینے سے انکار کر دیا۔''

''وہ کیوں؟'' حمیدہ نے حیرت سے پوچھا۔

''اس لیے کہ......'' نانی اماّں نے بتانا شروع کیا۔ ''اقبالؔ نے کہا کہ میں صرف اسی صورت میں 'سر' کا خطاب قبول کروں گا جب میرے استاد سید میر حسن کو شمس العلما کا خطاب دیا جائے۔ چناں چہ اقبالؔ کو 'سر کے خطاب اور ان کے استاد کو 'شمس العلما' کے خطاب سے نوازا گیا۔''

کاشف نے بے ساختہ کہا۔ ''طالب علم ہو تو اقبالؔ جیسا ہو جس نے اپنے استاد کی قدر و عزّت کا حق ادا کر دیا۔'' حمیدہ نے کاشف کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔ ''میں نے ایک کتاب میں پڑھا تھا۔ بے ادب، بے نصیب۔ باادب بانصیب یعنی جو شخص اپنے بزرگوں کی عزّت کرتا ہے۔ وہ خوش نصیب ہوتا ہے۔''

نانی اماّں نے کہا۔ ''بالکل ٹھیک کہا تم نے! یہی وجہ ہے کہ آج دنیا بھر میں ہر کوئی اقبالؔ کی عزّت کرتا

©KTBS Not to be republished

ہے۔ان کی شعری تصانیف کے ترجمے کئی زبانوں میں ہوئے ہیں۔''

''نانی اماّں! آپ اقبالؔ کی چند اہم کتابوں کے نام بتایئے؟''۔حمیدہ نے پوچھا۔

''بانگ درا''، ''بالِ جبریل''، ''ضربِ کلیم''، ''ارمغانِ حجاز''،ان کی اردو شاعری کی کتابیں ہیں۔ان کی فارسی کتابوں میں ''زبورِعجم''، ''پیام مشرق''، ''جاوید نامہ'' اہم ہیں۔

حمیدہ نے پھر پوچھا۔''نانی اماّں! آپ ہمیں اقبالؔ کی شاعری کے تعلق سے کچھ بتایئے۔''

نانی اماّں نے جواب دیا ''بچو! علاّمہ اقبالؔ کی شاعری کا مرکز قرآن اوراس کی تعلیمات ہیں۔انھوں نے اپنی شاعری کے ذریعہ مسلمانوں کوغفلت سے بیدار کرنے اور اُن میں جوش وجذبہ پیدا کرنے کا کام کیا ہے۔اس کے علاوہ اقبالؔ کی شاعری، مایوسی اور نا امیدی سے نکل کر امید اور حوصلے کے ساتھ زندگی کے مسائل کا مقابلہ کرنے کا سبق دیتی ہے۔''اسی وجہ سے انھیں 'شاعرِ مشرق' کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

''نانی اماں! اقبالؔ کا انتقال کب ہوا۔''حمیدہ نے دریافت کیا۔

''علامہ اقبالؔ کا انتقال 21/اپریل سن 1938 کو لاہور میں ہوا۔''

نانی اماں نے آخر میں بچّوں سے پوچھا۔''پیارے بچّو! بتاؤ تو اقبالؔ نے ہمارے پیارے ملک کو کونسا پیارا تحفہ دیا ہے۔''

حمیدہ کے ساتھ تمام بچّوں نے بلند آواز میں ترانہ گانا شروع کیا۔

سارے جہاں سے اچھّا ہندوستاں ہمارا  
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

**ادارہ**

●●●

**I الفاظ و معنی:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مخل | : | مداخلت کرنا | عنوان | : | موضوع |
| گھسر پھسر | : | کانا پھوسی کرنا/ سرگوشی | غفلت | : | بھول/غلطی |
| امتیازی | : | اعلیٰ/ترجیحی | مقرر | : | مامور/متعین |
| اعتراف | : | مان لینا | حق ادا کرنا | : | فرض ادا کرنا |



©KTBS Not to be republished

بے ساختہ : برجستہ/فوراً     اظہار : ظاہر کرنا

خطاب : سرکار کی طرف سے اعزازی نام

تحقیق : اصلیت معلوم کرنا/ چھان بین

**II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :**

1. بچّے تفریح کی غرض سے کہاں گئے تھے؟
2. اقبالؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
3. سن 1908 میں اقبالؔ نے کونسی ڈگری حاصل کی؟
4. سن 1923 میں اقبالؔ کو کس خطاب سے نوازا گیا؟
5. اقبالؔ کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟
6. اقبالؔ نے ہمارے پیارے ملک کو کونسا پیارا تحفہ دیا؟

**III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :**

1. اقبالؔ کی تعلیمی زندگی پر روشنی ڈالیے؟
2. لندن سے واپسی کے بعد اقبالؔ کی مصروفیتیں کیا تھیں؟
3. اقبالؔ کی چند اہم کتابوں کے نام لکھیے؟
4. اقبالؔ کی شاعری کے متعلق نانی امّاں نے کیا کہا؟

**IV 'الف' میں درج واقعات کو 'ب' میں درج سنین سے جوڑیے:**

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| 1 اقبالؔ کی پیدائش ہوئی۔ | a. 1923 |
| 2 اقبالؔ نے ایم اے کا امتحان پاس کیا۔ | b. 1908 |
| 3 بیرسٹرایٹ لا کی ڈگری حاصل کی۔ | c. 1938 |
| 4 انجمن حمایت اسلام کے سکریٹری بنائے گئے۔ | d. 1877 |
| 5 'سر' کے خطاب سے نوازے گئے۔ | e. 1899 |
| 6 اقبالؔ کا انتقال ہوا۔ | f. 1910 |

©KTBS Not to be republished

**V** **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:**

تفریح، اظہار، مشہور، عزّت، اعتراف

**VI** **اس سبق میں استعمال ہوئے ان مرکب الفاظ پر غور کیجیے:**

بے+اختیار = بے اختیار

بے+انتہا = بے انتہا

بے+ادب = بے ادب

ان مرکب الفاظ کے شروع میں 'بے' جڑا ہوا ہے، ایسے الفاظ جو کسی دوسرے لفظ کے پہلے جڑ کر مرکب لفظ بناتے ہیں 'سابقے' کہلاتے ہیں۔ اس طرح کی چند اور مثالیں دیکھیے۔

نا+کام = ناکام

غیر+ضروری = غیرضروری

خوش+بو = خوش بو

ہم+جماعت = ہم جماعت

ان مرکبات میں 'نا'، 'غیر'، 'خوش' اور 'ہم' سابقے ہیں۔

**VII** **قواعد:**

پچھلے سبق میں آپ نے پڑھا تھا کہ اسم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اسم خاص اور دوسری اسم عام۔

اب آپ ان مثالوں کے ذریعہ جانیے کہ اسم خاص اور اسم عام کسے کہتے ہیں۔

**ان جملوں میں خط کشیدہ الفاظ پر غور کیجیے:**

1. حمیدہ، خالدہ، آصف اور کاشف اپنی نانی امّاں کے ہاں شہر سے دور گاؤں گئے۔
2. بانگ درا، اقبال کی شاعری کی کتاب ہے۔



©KTBS Not to be republished

3. اقبالؔ سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔

خط کشیدہ الفاظ میں حمیدہ، خالدہ، آصف، کاشف، بانگ درا، اقبال، سیال کوٹ ایسے نام ہیں جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے ہیں۔ لہٰذا وہ تمام نام جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے ہوں، اسمِ خاص کہلاتے ہیں۔

جب کہ دیگر خط کشیدہ الفاظ جیسے نانی امّاں، شہر، گاؤں، کتاب ایسے نام ہیں، جو ایک ہی قسم کے ہر شخص، جگہ یا چیز کے ہو سکتے ہیں، چناں چہ وہ تمام نام جو ایک ہی طرح کے ہر شخص، جگہ یا چیز کے ہوں اسم عام کہلاتے ہیں۔

اسم خاص کی چھ قسمیں ہیں۔

1۔عَلَم 2۔خطاب 3۔تخلّص 4۔لقب 5۔عرف 6۔کنیت

اسم عام کی پانچ قسمیں ہیں۔

1۔اسم ذات 2۔اسِم ظرف 3۔اسِم جمع 4۔اسِم کیفیت 5۔اسم آلہ

**VIII برائے یادداشت**

''علاّمہ اقبال'' مکالماتی انداز کا ایک سوانحی مضمون ہے۔

سوانحی مضمون ایسے مضمون کو کہتے ہیں، جس میں کسی ایسے انسان کی زندگی کے حالات و واقعات کو پیش کیا جاتا ہے، جس نے زندگی کے کسی بھی میدان میں نمایاں کارنامے انجام دیے ہوں۔ سوانحی مضمون میں حالات و واقعات کو سلسلہ وار اور دیانت داری کے ساتھ بیان کرنا ضروری ہے۔

مکالماتی انداز سے مراد دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان بات چیت کی تحریری شکل ہے۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# بادشاہ اور نابینا

کسی زمانے کی بات ہے کہ ایک بادشاہ اپنے وزیر اور نوکروں کے ساتھ شکار پر گیا۔ اسے جنگل میں ایک بارہ سنگھا نظر آیا۔ بادشاہ نے اسے اپنی تیر کا نشانہ بنایا۔ بارہ سنگھا تیر سے زخمی ہو کر بھاگ کھڑا ہوا۔ بادشاہ اس کا پیچھا کرتے ہوئے بہت دور نکل گیا۔ اسے جب یہ احساس ہوا کہ وزیر اور نوکر بہت پیچھے رہ گئے ہیں تو وہ انھیں تلاش کرنے لگا۔ مگر



دور دور تک ان کا کوئی پتا نہ تھا۔ بادشاہ بہت گھبرایا۔ حیران و پریشان چاروں طرف پھٹی پھٹی نظروں سے دیکھنے لگا۔ اسی دوران اسے پاس کے کھیت میں ایک آدمی بیٹھا نظر آیا تو اس کی جان میں جان آئی وہ فوراً وہاں پہنچا۔ دیکھا تو وہ آدمی نابینا تھا۔ بادشاہ سوچ میں پڑ گیا کہ اس بیچارے کو کیا معلوم کہ کون آیا اور کون گیا، یہ خود مجبور ہے۔ بادشاہ کو اس نابینا سے وزیر اور غلام کے بارے میں معلوم کرنا ناممکن نظر آیا۔ لیکن بادشاہ نے ناامیدی میں بھی نابینا سے پوچھ ہی لیا۔ ''شاہ صاحب! یہاں سے دو آدمی تو نہیں گذرے''؟

نابینا شخص نے جواب دیا۔ ''بادشاہ سلامت! ابھی یہاں سے دو آدمی گزرے تھے ان میں سے ایک غلام تھا اور ایک وزیر۔'' بادشاہ کی حیرت کی انتہا نہ رہی اور وہ سوچنے لگا کہ کیا یہ شخص واقعی اندھا ہے، جو مجھے بادشاہ کہہ کر مخاطب

© KTBS Not to be republished

کرر ہا ہے اور یہ بھی کہہ رہا ہے کہ یہاں سے وزیر اور غلام گزرے ہیں۔



بادشاہ نے پوچھا۔ ”آپ کو یہ سب کیسے معلوم ہوا جب کہ آپ کو کچھ بھی نظر نہیں آتا۔“

نابینا نے جواب دیا۔ ”گفتگو میں آپ نے مجھے شاہ صاحب کہہ کر مخاطب کیا، وزیر نے بڑے صاحب اور غلام نے مجھے اے اندھے کہا۔ اس طرح میں نے آپ تینوں کو گفتگو کے آداب سے پہچان لیا۔“

بادشاہ، نابینا کا یہ جواب سن کر دم بہ خود رہ گیا اور بہت خوش ہوا۔ اپنی قیمتی ہیرے کی انگوٹھی اتار کر اسے انعام میں دی اور کہا۔ ”تم واقعی گفتگو کے آداب سے واقف اور تہذیب یافتہ ہو۔“

اس کہانی سے ہم سب کو یہ نصیحت ملتی ہے کہ ہم گفتگو کے آداب سے واقف ہوں۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے بتایا ہے کہ سچ بولنے میں کبھی جھجک محسوس نہ کریں۔ جب بات کریں تو کام کی کریں۔ بولنے میں بھی احتیاط سے کام لیں۔ لب ولہجہ میں مٹھاس ہو۔ دو آدمی آپس میں بات کر رہے ہوں تو اجازت لیے بغیر ان کی باتوں میں دخل نہ دیں۔ کسی کی بات کاٹ کر، بات کرنے کی کوشش کرنا ناپسندیدہ عمل ہے۔ جس سے بھی بات کریں عمر اور رتبے کے احترام کو لازم جانیں۔ ماں باپ، استاد اور بزرگوں سے دوستوں کی طرح گفتگو نہ کریں بلکہ احترام کا لحاظ رکھیں۔ کبھی نامعقول اور چاپلوسی کی باتیں نہ کریں۔ غیبت اور چغلی سے بچیں۔ دوسروں کی نقل نہ اتاریں۔ جھوٹا وعدہ اور اپنی تعریف آپ نہ کریں۔

ادارہ

●●●

I   الفاظ ومعنی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دوران | : | وقت/ درمیان | احترام | : | عزّت |
| نابینا | : | اندھا | چغلی | : | پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا |

©KTBS
Not to be republished

گفتگو : بات چیت غیبت : پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا

دم بہ خود : بالکل خاموش ہو جانا چاپلوسی : بے جا تعریف/خوشامد

لب ولہجہ : بات کرنے کا طور طریقہ

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. جنگل میں بادشاہ کو کیا نظر آیا؟
2. کھیت کے پاس بیٹھا آدمی کیسا تھا؟
3. وزیر نے نابینا شخص کو کیا کہہ کر مخاطب کیا؟
4. بادشاہ نے نابینا کو انعام میں کیا دیا؟
5. ہمارے پیارے نبیؐ نے کیا بتایا ہے؟
6. ہمیں کیسی باتیں نہیں کرنی چاہئیں؟

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. بادشاہ کے گھبرا جانے کی وجہ کیا تھی؟
2. نابینا کی کس بات سے بادشاہ کو حیرت ہوئی؟
3. نابینا شخص نے بادشاہ، وزیر اور غلام کی پہچان کس طرح کی؟
4. گفتگو کے کوئی دو آداب لکھیے ۔

IV اس سبق میں 'نا' کے سابقے سے بننے والے کوئی پانچ مرکبات کو تلاش کر کے لکھیے :

V ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے :

پریشاں، انتہا، حیرت، گفتگو، جنگل

©KTBS Not to be republished

**VI** ان جملوں کو اس ترتیب میں لکھیے جس ترتیب میں یہ کہانی میں استعمال ہوئے ہیں:

1. بادشاہ اس کا پیچھا کرتے ہوئے بہت دور نکل گیا۔
2. بادشاہ بہت گھبرایا۔
3. بادشاہ نے اسے اپنی تیر کا نشانہ بنایا۔
4. حیران و پریشان چاروں طرف پھٹی پھٹی نگاہوں سے دیکھنے لگا۔
5. اسے جنگل میں ایک بارہ سنگھا نظر آیا۔
6. اس کی جان میں جان آئی۔
7. اسے پاس کے کھیت میں ایک آدمی بیٹھا نظر آیا۔
8. بارہ سنگھا تیر سے زخمی ہو کر بھاگ کھڑا ہوا۔

**VII** قواعد:

پچھلے سبق میں آپ نے 'اسم خاص' کی تعریف پڑھی تھی۔ اب آپ 'اسم خاص' کی قسموں کے بارے میں جانیئے ۔

نیچے درج پانچوں جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کو غور سے پڑھیے۔

1. حضرت فاطمہؓ، ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ کی چہیتی بیٹی تھیں۔
2. علّامہ اقبال کو سر کے خطاب سے نوازا گیا۔
3. گاندھی جی بابائے قوم کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔
4. غالب اُردو کے مشہور شاعر ہیں۔
5. پپوّ اور منّی پابندی سے اسکول جاتے ہیں۔
6 بنتِ بہادر شاہ کی زندگی مصیبتوں میں کٹی۔

©KTBS
Not to be republished

- پہلے جملے میں فاطمہؓ اور محمدؐ ایسے اصل نام ہیں، جن سے اُن کی شہرت ہے۔ لہٰذا ایسے نام، جس سے کوئی شخص یا جگہ مشہور ہو عَلَم کہلاتے ہیں۔

  مثلاً: ابوالکلام آزاد، اقبال، ہمالہ، کاویری وغیرہ۔

- دوسرے جملے میں لفظ 'سر' خطاب ہے۔ خطاب اُس نام کو کہتے ہیں، جو حکومت کی جانب سے کسی شخص کو کسی خاص میدان میں اس کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔

  مثلاً: بھارت رتن، شمس العلما، پدم بھوشن، کھیل رتن وغیرہ۔

- تیسرے جملے میں ''بابائے قوم' لقب ہے۔ لقب اس نام کو کہتے ہیں، جو کسی اچھائی یا برائی کے سبب پڑ گیا ہو۔

  مثلاً: شاعرِ اسلام، شیرِ میسورو، بابائے میزائل وغیرہ۔

- چوتھے جملے میں 'غالب' تخلص ہے۔ یعنی وہ چھوٹا سا نام، جسے شاعر اپنے کلام میں اپنے نام کے بجائے استعمال کرتا ہے۔

  مثلاً: میر تقی کا تخلص میرؔ، الطاف حسین کا تخلص حالیؔ، اسد اللہ خان کا تخلص غالبؔ۔

- پانچویں جملے میں پپّو اور منّی وہ نام ہیں جو، پیار و محبت سے دیے جاتے ہیں۔ انھیں عرف کہا جاتا ہے۔

  مثلاً: چنّو، چھوٹو، پنکی، نیلو وغیرہ۔

- چھٹے جملے میں بنتِ بہادر شاہ کنیت ہے۔ یہ وہ نام ہے جو ماں، باپ، بیٹے، بیٹی یا کسی اور کے تعلق سے مشہور ہو جائے۔ مثلاً: ابنِ مریم، امِ کلثوم، ابو طالب وغیرہ۔

اس طرح اسم خاص کی چھ قسمیں ہیں۔

1۔ عَلَم 2۔ خطاب 3۔ لقب 4۔ تخلّص 5۔ عرف 6۔ کنیت

VIII **برائے یادداشت:** امجد حسین حافظ کرناٹکی کی اس رباعی کو پڑھیے اور یاد رکھیے:

دراصل جو گفتار ہوا کرتی ہے — انساں کا معیار ہوا کرتی ہے
پہچان کراتی ہے یہی انساں کی — آئینۂ کردار ہوا کرتی ہے

●●●

©KTBS Not to be republished

# کمپیوٹر



اگر ہم بیسویں صدی کی سائنسی ایجادات کا جائزہ لیں تو ان میں کمپیوٹر کی تخلیق سب سے حیرت انگیز اور چونکا دینے والی ہے۔ موجودہ دور کو کمپیوٹر کا دور کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا ۔ گذشتہ چند سالوں سے زندگی کے تمام شعبوں میں کمپیوٹر کا استعمال ناگزیر ہوگیا ہے۔اس حیرت انگیز ایجاد نے انسانی زندگی کے ہر شعبے پر گہرا اثر ڈالا ہے۔

کمپیوٹر ایک ایسا آلہ ہے، جس کا کام فراہم کردہ معلومات کو محفوظ کرنا، اہم نکات کی تلاش اور حسب ضرورت ان پر عمل کرنا ہے۔ آج دنیا بھر کی علمی، سائنسی، اور صنعتی ترقی کا دارومدار کمپیوٹر پر ہے۔ خواہ وہ پبلک سیکٹر آفس ہو یا پرائیویٹ سیکٹر، اسکول ہو کہ کالج، بینک ہو کہ ہسپتال، یا زندگی کا کوئی اور شعبہ، ہر جگہ کمپیوٹر کی کارفرمائی ہے۔ یہ زیادہ وقت طلب کام، منٹوں اور لمحوں میں کرتا ہے۔

کمپیوٹر کا عمل دخل اتنا بڑھ گیا ہے کہ یہ دُنیا کی پچاس فیصد آبادی کی روزی روٹی کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ آج کل ملازمت کے حصول میں بھی کمپیوٹر کی اہمیت مُسلّم ہے۔ ملازمت فراہم کرنے والا، امیدوار سے سوال کرے گا کہ کون سے سافٹ وئیر چلا سکتے ہو؟ دفتر میں کلرکی مقصود ہو تو M.S. Office نامی پروگرام سیکھنا ضروری ہے۔ اکاؤنٹنٹ بننا ہے تو Tally, M.S. Excel نام کے پروگرام سیکھنا چاہیے۔ کیوں کہ آج کل اکاؤنٹنس، بہی کھاتوں میں نہیں بلکہ

© NCERT Not to be republished

کمپیوٹر میں رکھے جاتے ہیں۔

ان دنوں عمارتوں کی ڈیزائننگ، کتابوں کے سرورق، پمفلٹس، پوسٹرس، اخبار، رسالے، کتابیں، ٹی وی کے اشتہارات، کارٹون، فلمیں، سبھی کمپیوٹر سے بنائے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ میزائیل اور خلائی راکٹ بھی کمپیوٹر کی مدد سے داغے جاتے ہیں۔ سیول اور میکانیکل انجینئرز کے لیے پرائی ماویرا Primavera، آٹو کیڈ Auto Cad اوراسٹاڈ Stadd سافٹ ویر بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ڈیزائنرس کے لیے پینٹ برش Paint Brush، پیج میکر Page Maker، کورل ڈرا Coral Draw، اڈوب السٹریٹر Adobe illustrator، فوٹو فنش Photo Finish نامی پروگرام سیکھنے پڑیں گے۔ اس طرح کمپیوٹر نوجوانوں کی بے روزگاری دُور کرنے کا اہم رول ادا کر رہا ہے۔

کمپیوٹر کے استعمال کے دو پہلو ہیں۔ ہارڈ وئیر Hard Ware اور سافٹ وئیر Soft Ware، کمپیوٹر کے کل پرزوں اور تمام اجزا کو ''ہارڈ وئیر'' کہتے ہیں اور کمپیوٹر کے پروگراموں کو ''سافٹ وئیر''۔ جب کہ کمپیوٹر کے تربیت یافتہ اشخاص ہیومن وئیر Human Ware کہلاتے ہیں۔

کمپیوٹر میں کی بورڈ Key Board، ماؤس Mouse، اور اسکیانر Scanner، اِن پُٹ ڈیوائسس In put Devices ہیں، جن کے ذریعہ ہم معلومات کو کمپیوٹر میں داخل کر سکتے ہیں۔ جب کہ مانیٹر Moniter اور پرنٹر Printer آوٹ پُٹ ڈیوائسس Out put Devices ہیں، جو مطلوبہ معلومات کو کمپیوٹر سے حاصل کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

کمپیوٹر کا سب سے اہم حصہ سی پی یو Central Processing Unit ہوتا ہے، جسے ہم کمپیوٹر کا دماغ بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیوں کہ یہی وہ حصہ ہے، جہاں ہماری داخل کردہ تمام معلومات محفوظ رہتی ہیں۔ کمپیوٹر ایک فرماں بردار نوکر کی طرح ہماری ہدایت پر عمل کرتا ہے۔ یہ دراصل ایک الیکٹرانک مشین ہے۔ اس میں ہم جو معلومات محفوظ کریں گے کمپیوٹر اسی کی بنیاد پر جواب دے گا۔ کمپیوٹر کے بعد انسان نے روبوٹ کی ایجاد کی، روبوٹ بھی کمپیوٹر کے اصولوں پر کام کرتا ہے۔

الغرض کمپیوٹر انسانی صلاحیت کی وہ بے مثال تحقیق ہے، جس کی کارکردگی اور خوبیوں کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔

ادارہ

●●●

©KTBS Not to be republished

I (الف) الفاظ و معنی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ایجاد | : | نئی چیز بنانا | نکات | : | نکتہ کی جمع / باریکیاں |
| حصول | : | حاصل کرنا | شعبہ | : | محکمہ/ حصہ/ شاخ |
| مُسلّم | : | تسلیم کیا گیا / مانا ہوا | مقصود | : | مطلب/غرض/ مراد |
| خاصا | : | خوب/ اچھا / موزوں | تخلیق | : | پیدائش/ پیدا کرنا |
| حامل | : | رکھنے والا | | | |

(ب) مرکبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حیرت انگیز | : | حیرت پیدا کرنے والا | دارومدار | : | انحصار |
| کارکردگی | : | اچھا کام کرنا | عمل دخل | : | اثر/ اختیار |
| کارفرمائی | : | کام لینا | وقت طلب | : | وقت لگنا |
| فراہم کردہ | : | پیش کی گئی، جمع کی گئی | بہی کھاتہ | : | آمدنی وخرچ کا حساب |
| حسب ضرورت | : | ضرورت کے مطابق | داخل کردہ | : | داخل کی گئی |

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. بیسویں صدی کی سب سے حیرت انگیز تخلیق کونسی ہے؟
2. موجودہ دور کو کونسا دور کہا جائے تو بے جانہ ہوگا؟
3. دفتر میں کلرک بننے کے لیے کمپیوٹر کا کونسا پروگرام سیکھنا ضروری ہے؟
4. کمپیوٹر کے استعمال کے دو پہلو کونسے ہیں؟
5. کمپیوٹر کے تربیت یافتہ اشخاص کیا کہلاتے ہیں؟
6. کمپیوٹر کے بعد انسان نے کس کی ایجاد کی؟



© KTBS Not to be republished

**II** ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. کمپیوٹر کیسا آلہ ہے؟
2. کمپیوٹر کی کارفرمائی کہاں کہاں نظر آتی ہے؟
3. کمپیوٹر کے ان پٹ In Put اور آؤٹ پٹ Out Put ڈیوائسیس کون کونسے ہیں؟
4. ان دنوں کمپیوٹر سے کیا کیا چیزیں بنائی جارہی ہیں؟

**IV** 'الف' اور 'ب' کو مناسبت سے جوڑیے:

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| 1. کلرک | a. کورل ڈرا (Coral Draw) |
| 2. اکاؤنٹنٹ | b. ایم ایس آفس (M.S.Office) |
| 3. سیول و میکانیکل انجینئر | c. ٹیالی (Tally) |
| 4. ڈیزائنرس | d. آٹو کیاڈ (Auto cad) |

**V** ان مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے:

فراہم کردہ، حیرت انگیز، حسبِ ضرورت، دارومدار، وقت طلب

**VI** ان جملوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ کی مدد سے مکمل کیجیے:

(ان پُٹ ڈیوائس، آوٹ پُٹ ڈیوائس، ہارڈویر، سافٹ ویر، ہیومن ویر، سی پی یو)

1. مانیٹر .................................. ہے۔
2. ماؤس .................................. ہے۔
3. کمپیوٹر کے تمام اجزا ........................ کہلاتے ہیں۔
4. کمپیوٹر کے پروگرامس کو ........................ کہتے ہیں۔
5. ........................ کمپیوٹر کا دماغ ہے۔
6. کمپیوٹر کے تربیت یافتہ اشخاص ........................ کہلاتے ہیں۔



©KTBS
Not to be republished

**VII** قواعد: اسمِ خاص کی قسموں کے بعد اب آپ دیکھیے کہ اسمِ عام کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں۔
اسمِ عام کی پانچ قسمیں ہیں۔

1. اسمِ ذات: ایسے نام، جس سے ایک چیز دوسری چیز سے بلالحاظ خوبی پہچانی جائے۔
جیسے: کمپیوٹر، ماؤس، قلم، کرسی، کتاب وغیرہ۔
2. اسمِ ظرف: ایسے نام، جس میں وقت، زمانے یا جگہ کے معنی پائے جائیں۔
جیسے: صبح، شام، گھر، میدان، مدرسہ وغیرہ۔
3. اسمِ جمع: وہ تمام نام، جو کئی چیزوں یا اشخاص کے مجموعے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔
جیسے: جماعت، فوج، قافلہ، غول، ریوڑ وغیرہ۔
4. اسمِ کیفیت: وہ نام، جو کسی شخص، جگہ یا چیز کی کیفیت، حالت اور حقیقت کو بیان کرتے ہیں۔
جیسے: مٹھاس، گرمی، امیری، جوانی، موٹاپا وغیرہ۔
5. اسمِ آلہ: کسی اوزار یا ہتھیار کے نام کو اسمِ آلہ کہتے ہیں۔
جیسے: چاقو، بیلن، تلوار، کلہاڑی، بلیڈ وغیرہ۔

**VIII** برائے یادداشت:

کمپیوٹر کی ایجاد کے بعد اس صدی کی دوسری حیرت انگیز ایجاد 'روبوٹ' ہے۔
روبوٹ ایک ایسی مشین ہے، جو انسانوں کی طرح مختلف کام انجام دے سکتی ہے۔ اسی لیے اسے 'مشینی انسان' بھی کہتے ہیں۔
روبوٹ، چیکوسلوا کی زبان کے لفظ 'روبوٹا' سے بنا ہے، جس کے معنی 'نوکروں کا کام' ہے۔ اس لفظ کو سب سے پہلے چیکوسلواکیہ کے ادیب کارل چیک نے 1920 میں اپنے ایک ڈرامے میں استعمال کیا تھا۔
روبوٹ مختلف سائز اور شکل کے ہوتے ہیں۔ کام کی نوعیت کے اعتبار سے ان کی تین قسمیں ہیں۔
1۔ گھریلو روبوٹ  2۔ دفتری روبوٹ  3۔ کارخانے کا روبوٹ
روبوٹ وہ سب کام کر سکتا ہے جو کمپیوٹر کے مختلف پروگرامس کی مدد سے اُسے سکھائے جاتے ہیں۔
اس طرح سے روبوٹ دراصل کمپیوٹر کی ہی ایک ارتقائی شکل ہے۔

●●●



© KTBS Not to be republished

# اُردو

میری زبان اُردو
فخرِ جہان اُردو
پیاری ہے بولنے میں
میٹھی زبان اُردو
رکھتی ہے اپنے اندر
سارا جہان اُردو
بھاشاؤں کی زمیں کا
اک آسمان اُردو
دشمن کو دوست کرلے
ایسی زبان اُردو
خسرو کا راگ ہے یہ
مرلی کی تان اُردو
گیتوں کی آبرو ہے
غزلوں کی جان اُردو
ہے قومی ایکتا کی
آن اور بان اُردو

**فراق جلال پوری**

©KTBS
Not to be republished

I (الف) الفاظ و معنی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| راگ | لے/سر | تان | سُر |
| آبرو | عزّت/اعتبار | غزل | شاعری کی ایک قسم |
| گیت | شاعری کی ایک قسم | ایکتا | اتحاد |

(ب) مرکبات

| | | | |
|---|---|---|---|
| فخرِ جہاں | دنیا جس پر ناز کرے | آن اور بان | شان و شوکت |

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے:

1. اُردو زبان بولنے میں کیسی ہے؟
2. اگر بھاشائیں زمین ہیں تو اُردو کیا ہے؟
3. اُردو دشمن کو کیا بنا لیتی ہے؟
4. اُردو کس کا راگ ہے؟
5. شاعر نے اُردو کو کس کی آبرو کہا ہے؟
6. اُردو کس کی آن اور بان ہے؟

III اس نظم میں استعمال کیے گئے لفظ 'زبان' کے ہم آواز الفاظ کی فہرست بنائیے:

IV 'الف' اور 'ب' کے مصرعوں کو جوڑ کر شعر مکمل لکھیے:

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| 1. میری زبان اُردو | a. آن اور بان اُردو |
| 2. رکھتی ہے اپنے اندر | b. فخرِ جہان اُردو |
| 3. دشمن کو دوست کر لے | c. سارا جہان اُردو |
| 4. ہے قومی ایکتا کی | d. ایسی زبان اُردو |

©KTBS Not to be republished

V ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

میٹھی، آسمان، دوست، آبرو، زبان

VI اشعار کے آخر میں بار بار دُہرایا جانے والا لفظ یا الفاظ ردیف کہلاتے ہیں، جو قافیے کے بعد آتے ہیں۔

مثال: میری زبان اُردو

فخرِ جہان اُردو

اس شعر میں 'اُردو' ردیف ہے اور اس سے پہلے استعمال ہوئے الفاظ 'زبان' اور 'جہان' قافیے ہیں۔

VII برائے یادداشت:

اُردو کی شان میں لکھی گئی عثمان شاہد مرحوم کی اس نظم کے یہ چند بند بھی پڑھیے اور زبانی یاد کیجیے:

شیرینِ سُخن ہے اُردو
رنگِ چمن ہے اُردو
روحِ وطن ہے اُردو
گنگ و جمن ہے اُردو

یہ نورِ کہکشاں ہے
رفعت میں آسماں ہے
راحت میں گلستاں ہے
ایک جوئے نغمہ خواں ہے

غالبؔ کی آبرو ہے
حالیؔ کی جستجو ہے
اقبالؔ کا وضو ہے
اور جوشؔ کا سُبو ہے

●●●

©KTBS Not to be republished

# اتحاد میں طاقت ہے

پرانے زمانے کی بات ہے۔ کسی جنگل میں امن پسند پرندے رہا کرتے تھے جن میں فاختہ، کبوتر، مور، کوئل اور چڑیاں شامل تھیں۔ یہ سب الگ الگ نسل کے ہونے کے باوجود مل جل کر رہتے تھے۔ اس لیے جنگل کا ماحول پرسکون تھا۔ اس طرح ایک عرصہ گذر گیا۔



ایک دن کی بات ہے کہ ایک گدھ اپنے خاندان کے ساتھ جنگل میں رہنے کے لیے آیا۔ پہلے تو اس نے جنگل والوں سے میل جول بڑھایا، پھر دھیرے دھیرے ان میں نفرت پھیلانی شروع کردی۔ گدھ ہمیشہ اس ٹوہ میں لگا رہتا کہ ان تمام پرندوں میں کس طرح پھوٹ ڈالی جائے اور انھیں آپس میں کس طرح لڑایا جائے۔ چناں چہ اس نے جنگل کے کسی مسئلے میں بعض پرندوں کو اپنا حمایتی بنالیا اور انھیں بہکا کر ایک دوسرے کا مخالف بنادیا۔ بات یہاں تک پہنچ گئی کہ جنگل کے تمام پرندے آپس میں بات کرنا بھی پسند نہیں کرتے تھے۔

ان پرندوں میں ایک کبوتر زیادہ تجربہ کار اور عمر رسیدہ تھا۔ اس نے تمام پرندوں کو سمجھانا چاہا، لیکن کوئی اس کی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہوا۔ لہٰذا اسے بڑی فکر ہوئی۔ وہ ہر وقت اسی فکر میں رہنے لگا کہ یہ کیا ہوا۔

ایک دن اس نے دیکھا کہ گدھ، مور سے تنہائی میں بات کر رہا ہے، کبوتر کا ماتھا ٹھنکا۔ اس نے مور کی گدھ سے ہوئی بات چیت کے متعلق دریافت کیا تو اس نے کچھ بھی بتانے سے انکار کردیا۔

کبوتر کے ذہن میں یہ خیال آیا کہ کیوں نہ امن پسند پرندوں کو جمع کرکے گدھ کے بُرے ارادے سے واقف کرایا جائے۔ لہٰذا اس نے تمام امن پسند پرندوں کو جمع کرکے ان کو تمام حالات سے آگاہ کیا۔ اسی وقت مور بھی وہاں آگیا اور اس نے بھی کبوتر کی باتوں کی تصدیق کی۔ چناں چہ سب پرندوں کو یقین ہوگیا کہ ان سب جھگڑوں کے پیچھے گدھ کا ہی ہاتھ ہے۔ پھر سب نے آپس میں ایک دوسرے سے معافی مانگی اور عہد کیا کہ اب ہم کسی کی سنی ہوئی

© NCERT Not to be republished

باتوں پر یقین نہیں کریں گے اور پہلے کی طرح پیار و محبت سے زندگی گذاریں گے۔

پرندوں کے بدلے ہوئے رویہ کو دیکھ کر گدھ تلملا اٹھا اور اس نے امن پسند پرندوں کو ستانا شروع کیا۔ وہ ان کے گھونسلوں کو اجاڑنے اور ان کے انڈوں کو برباد کرنے لگا۔ وہ انھیں دانے تک چگنے نہیں دیتا تھا۔ گدھ چونکہ سب پرندوں سے زیادہ طاقت ور تھا اس لیے تمام پرندے اس سے دب کر رہنے لگے۔

پھر ایک دن گدھ کی غیر موجودگی میں تمام پرندوں نے آپس میں طے کیا کہ جنگل میں امن کے ماحول کو بحال رکھنے کے لیے وہ گدھ کو جنگل سے باہر نکال دیں گے۔

لہٰذا ایک دن سب نے مل کر گدھ کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور اس پر بھرپور حملہ کیا۔ اس اچانک حملے کی وجہ



سے گدھ گھبرا گیا اور اس نے اسی میں خیریت جانی کہ ان پرندوں سے بات کرے۔ تمام پرندے اس پر راضی ہو گئے۔ انھوں نے گدھ کے سامنے یہ شرط رکھی کہ یا تو وہ اس علاقے کے امن میں کسی قسم کا خلل نہ ڈالے یا پھر اس علاقے کو چھوڑ کر کہیں چلا جائے۔

گدھ نے موقع کی نزاکت کو غنیمت جانتے ہوئے پرندوں کی پہلی شرط مان لی اور وعدہ کیا کہ آئندہ وہ کبھی ایسی کوئی حرکت نہیں کرے گا، جس سے علاقہ کا امن غارت ہو۔

اس طرح امن پسند پرندوں کا اتحاد ان کے کام آیا اور ان کا وہ علاقہ جسے انھوں نے مل جل کر امن کا گہوارہ بنایا تھا، ایک بار پھر سے صلح کا مرکز بن گیا۔

ادارہ

●●●



© NCERT Not to be republished

I (الف) الفاظ و معنی:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حمایتی | : طرف دار/ مددگار | تصدیق | : | سچ ہونے کی تائید |
| آگاہ | : واقف | روّیہ | : | چال چلن/ برتاؤ |
| خَلل ڈالنا | : رکاوٹ/خرابی پیدا کرنا | غارت | : | تباہ/ برباد |
| غنیمت | : مناسب | گہوارہ | : | جھولا/ ہنڈولا |
| صُلح | : میل ملاپ/ نئے سرے سے دوستی | اتحاد | : | ملاپ/ دوستی |

(ب) مرکبات:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بہ حال | : اصلی حالت پر | عمر رسیدہ | : | بوڑھا |
| تجربہ کار | : ماہر/ تجربہ رکھنے والا/ واقف کار | | | |
| امن پسند | : چین وسکون پسند کرنے والے | | | |

(ج) محاورات:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تلملا اٹھنا | : بے چین ہونا/ تڑپنا | پھوٹ ڈالنا | : | آپس میں دشمنی ڈالنا |
| خیریت جاننا | : بھلائی نظر آنا/ بھلائی سمجھنا | ٹوہ میں رہنا | : | تلاش میں رہنا |
| ماتھا ٹھنکنا | : کسی کام کے خراب انجام کا پہلے سے احساس ہونا | | | |

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. جنگل میں کیسے پرندے رہا کرتے تھے؟
2. اپنے خاندان کے ساتھ کون جنگل میں رہنے آ گیا؟

©KTBS Not to be republished

3. عمر رسیدہ اور تجربہ کار پرندہ کون تھا؟

4. کبوتر کا ماتھا کب ٹھنکا؟

5. کبوتر کے ذہن میں کیا خیال آیا؟

6. اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

**III** ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. جنگل میں کون کون سے پرندے رہا کرتے تھے؟

2. گدھ ہمیشہ کس ٹوہ میں لگا رہتا تھا؟

3. امن پسند پرندوں نے گدھ کے سامنے کیا شرطیں رکھیں؟

4. گدھ نے پرندوں سے کیا وعدہ کیا؟

**IV** 'کا'، 'کی'، 'کو'، 'کے' کی مدد سے ان جملوں کو مکمل کیجیے:

1. پُرانے زمانے ...... ...... ...... بات ہے۔

2. اس نے تمام پرندوں ...................... سمجھانا چاہا۔

3. جنگل .............................. ماحول پُرسکون تھا۔

4. امن پسند پرندوں ................ اتحاد ان ................ کام آیا۔

**V** ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

ماحول، حمایتی، آگاہ، اتحاد، صُلح

©KTBS Not to be republished

**VI** پرندوں کے ان ناموں کو نیچے دیے گئے معمے میں تلاش کر کے مثال کے مطابق نشان لگائیے:

گدھ، کوئل، فاختہ، چڑیا، کبوتر

مثال: مور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ف | ل | ء | و | ک |
| ا | ی | ڑ | چ | ب |
| خ | ع | م | ک | و |
| ت | و | ر | و | ت |
| ہ | ھ | د | گ | ر |

**VII** قواعد:

نیچے دیے گئے الفاظ آپ نے پچھلے اسباق میں پڑھے ہیں۔

مال + دار = مال دار

سائنس + دان = سائنس دان

حیرت + انگیز = حیرت انگیز

فراہم + کردہ = فراہم کردہ

ان الفاظ میں 'دار'، 'دان'، 'انگیز' اور 'کردہ' ایسے الفاظ ہیں، جو کسی دوسرے لفظ کے بعد میں جُڑ کر مرکب لفظ بناتے ہیں۔ ایسے الفاظ کو 'لاحقہ' کہا جاتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

**چند اور مثالیں دیکھیے :**

| | |
|---|---|
| صحت+مند = صحت مند | دولت+مند = دولت مند |
| حیرت+ناک = حیرت ناک | خطر+ناک = خطرناک |
| مضمون+نگار = مضمون نگار | افسانہ+نگار = افسانہ نگار |

ان الفاظ میں 'مند'، 'ناک' اور 'نگار' لاحقے ہیں۔

**VIII برائے یادداشت:**

اتحاد کے موضوع پر یہ کہانی بھی پڑھیے۔

پرانے زمانے کی بات ہے کسی گاؤں میں ایک لکڑہارا رہتا تھا۔ وہ جنگل سے سوکھی لکڑیاں جمع کر کے اور انھیں بازار میں بیچ کر اپنا گذر بسر کرتا تھا۔ اس کے چار بیٹے تھے، اسی طرح کئی سال بیت گئے۔ لکڑہارے کے چاروں بیٹے جب جوان ہوئے تو انھوں نے بھی جنگل سے لکڑیاں جمع کرنے اور انھیں بازار میں بیچنے کا کام شروع کیا۔

چند ایک برسوں میں وہ خوش حال زندگی گذارنے لگے۔ لیکن ان کی یہ خوش حالی گاؤں کے چند کام چور، حسد کرنے والوں سے دیکھی نہ گئی۔ انھوں نے ان بھائیوں میں پھوٹ ڈالنی شروع کر دی۔ ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چاروں بھائی آپس میں اکثر لڑتے جھگڑتے نظر آتے۔

بوڑھے لکڑہارے نے جب اپنے بیٹوں کی یہ حالت دیکھی تو انھیں اپنے پاس بلایا اور ہر بیٹے کے ہاتھ میں ایک ایک لکڑی دیتے ہوئے کہا کہ وہ اسے توڑ دیں۔ چاروں بیٹوں نے بڑی آسانی سے اپنی اپنی لکڑی توڑ دی۔ پھر بوڑھے لکڑہارے نے چار لکڑیوں کا ایک گٹھا بنایا اور اپنے بیٹوں سے کہا کہ اب اس گٹھے کو توڑیں۔ چاروں نے اپنے اپنے طور پر بڑی کوشش کی۔ لیکن کوئی بھی اس گٹھے کو توڑ نہیں پایا۔

بوڑھے لکڑہارے نے مسکراتے ہوئے اپنے بیٹوں کی طرف دیکھا اور کہا۔ ''دیکھ لیا تم نے! ایک لکڑی کو تو تم نے آسانی سے توڑ دیا لیکن ایک ساتھ چار لکڑیوں کو توڑ نہیں پائے۔'' اسی طرح کوئی انسان اکیلا ہو تو دشمن اسے آسانی سے ہرا سکتا ہے۔ لیکن ہم مل جُل کر رہیں تو کوئی ہمیں کسی طرح نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ لڑنا جھگڑنا بری بات ہے۔ مل جل کر ہم خوش حال زندگی گذار سکتے ہیں۔ کیوں کہ مل جل کر اتحاد سے رہنے میں ہی طاقت ہے۔

●●●



© KTBS Not to be republished

# سرمرزا اسماعیل



سرمرزا اسماعیل کا شمار ہندوستان کی نامور اور عظیم ہستیوں میں ہوتا ہے۔ قدرت نے انھیں غیر معمولی صلاحیتیں عطا کی تھیں۔ ریاست کرناٹک کی ہمہ جہت ترقی ان کی مرہون منت ہے، مگر اس حقیقت سے نئی نسل ناواقف ہے۔

مرزا اسماعیل کی پیدائش 24/اکتوبر سن 1883 میں شہر بنگلورو میں ہوئی۔ ان کے والد اصغر علی اپنے زمانے کے مشہور تاجر تھے۔ ایران سے ان کے تجارتی تعلقات تھے اور مہاراجا میسورو سے بھی اُن کے قریبی روابط تھے۔

سرمرزا اسماعیل سن 1904 میں گریجویشن کے بعد انگریزی حکومت میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مقرر ہوئے۔ ان کی غیر معمولی صلاحیتوں کی وجہ سے میسورو کے مہاراجہ کرشنا راج وڈیر چہارم نے انھیں سن 1926 میں حکومتِ میسورو کا دیوان مقرر کیا۔ اس عہدے پر وہ سن 1941 تک برقرار رہے۔

سرمرزا اسماعیل نے اپنی کوششوں سے ریاست میسورو کو معاشی اور صنعتی لحاظ سے ترقی یافتہ بنایا۔ انھوں نے کئی کارخانے قائم کیے، جن میں صابن کا کارخانہ، سیمنٹ کا کارخانہ، شکر کا کارخانہ، لوہے کا کارخانہ، کاغذ کا کارخانہ، بجلی کے لیمپ بنانے کا کارخانہ، کیمیائی کھاد کا کارخانہ، چرم کی مصنوعات کا کارخانہ وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

سرمرزا اسماعیل نے سن 1938 میں جو ریڈیو تقریر کی تھی، اس سے ریاستِ میسورو کی ترقی کا اندازہ ہوتا ہے۔ مرزا نے کہا تھا۔

”ہر میسوری کو فخر و ناز سے یہ کرنا ہوگا کہ وہ صرف میسورو کے صابن سے نہائے، صرف میسورو کے تولیے سے اپنا

© KTB Not to be republished

جسم خشک کرے، میسورو کے غلّے سے اپنا پیٹ بھرے، میسورو کی سیمنٹ، اور میسورو کے لوہے اور فولاد سے اپنا مکان تعمیر کرے۔میسورو کے فرنیچر سے اپنا گھر سنوارے،میسورو کے لیمپ سے اپنا گھر روشن کرے اور میسورو کے کاغذ پر اپنے خطوط لکھے"۔

سرمرزا اسماعیل کی یہ خواہش تھی کہ بنگلورو میں ممبئی کے مشہور و سرمایہ دار ہیرا چند والچند اور امریکی جنرل موٹارس کی تکنیکی مدد سے موٹر کار کا ایک عظیم الشان کارخانہ قائم کیا جائے۔اس تجویز کی کامیابی کے لیے انھوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔لیکن بدقسمتی سے یہ ہونے نہ پایا۔انگریزوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ اس سے ان کے مفاد کو نقصان پہنچے گا۔کرشن راج وڈیر کے بعد نئے راجا جئے چامراج وڈیر انگریزوں کی سازش کا شکار ہوئے اور مرزا اسماعیل کو مئی سن 1931 میں دیوان کے عہدے سے برطرف کردیا گیا۔

سرمرزا نے میسورو کی صنعتی ترقی کے علاوہ سماجی، تعلیمی، انتظامی، زراعتی اور تجارتی شعبوں میں بھی کارہائے نمایاں انجام دیے۔انھی کی کوششوں سے کرشنا راج ساگر بند پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ وہاں کا فردوسِ بریں باغ، سرمرزا اسماعیل کے جمالیاتی ذوق کا مظہر ہے۔انھوں نے ریاست میں امداد باہمی کی تحریک چلائی، جو کامیاب رہی۔ ہر شہر اور دیہات میں بجلی کی روشنی کا انتظام کیا۔مرزا نے چھوٹی دست کاریوں کو بھی فروغ دیا۔انھوں نے بے روزگاری دور کرنے کے لیے صنعت وحرفت کے مراکز قائم کیے۔

مرزا اسماعیل کی صلاحیتوں سے متاثر ہوکر جئے پور کے مہاراجہ نے انھیں اپنا دیوان بنایا، جہاں وہ سن 1942 سے سن 1946 تک رہے۔اس کے بعد سن 1946 سے سن 1947 تک حکومتِ حیدرآباد کے دیوان مقرر ہوئے۔

سرمرزا اسماعیل بلند مرتبہ سیاسی مدبر اور ماہرِ نظم ونسق تھے۔انھوں نے 76 سال کی طویل عمر پائی اور اپنا فرض حسن وخوبی سے ادا کیا۔ان کی وفات 8/جنوری سن 1957 کو بنگلورو میں ہوئی۔

سرمرزا اسماعیل نے اپنے عمل سے یہ پیام دیا کہ انسان سطحی باتوں پر توجہ نہ دے بلکہ اپنے اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لیے کوشاں رہے اور اپنے اندر یہ احساس پیدا کرے کہ دُنیا کی ہر شئے کسی اور شئے کے لیے ہے، خود کے لیے نہیں۔اس کرّہ ارض کی عظیم ہستیاں اس لیے زندہ جاوید ہیں کہ وہ خود کے لیے نہیں بلکہ اوروں کے لیے جیتی رہی تھیں۔ان کی ذات سے دوسروں کو فیض پہنچتا تھا۔خدمتِ خلق کو انھوں نے اپنی زندگی کا مقصد بنایا تھا۔الغرض زندگی کو قدرت کی امانت سمجھ کر دوسروں کے لیے وقف کردینا ہی زندگی کا اعلیٰ مقصد ہے۔

ادارہ

●●●

©KTBS Not to be republished

**I**

## (الف) الفاظ و معنی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| شمار | گنتی/ تعداد | نامور | مشہور |
| روابط | تعلقات/ ربط کی جمع | تجویز | رائے/صلاح |
| دیوان | وزیر | اندیشہ | فکر/گمان/خوف |
| فیض | فائدہ/ نیکی | مفاد | فائدہ |
| وقف | سپرد کردینا | مظہر | ظاہر ہونا |
| تحریک | کسی بات کی ترغیب دینا | چرم | چمڑا |
| سازش | کسی کی مخالفت کے لیے آپس میں اتفاق | | |

## (ب) مرکبات

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہمہ جہت | ہر جانب | مرہونِ منت | شکر گزار/ احسان مند |
| زندہ جاوید | ہمیشہ زندہ رہنا | کرّہ ارض | زمین |
| آئینِ فطرت | فطرت کا قانون | خدمتِ خلق | مخلوق کی خدمت |
| کارہائے نمایاں | اہم کام/ بڑے کام | برطرف | برخاست |
| پایۂ تکمیل | مکمل ہونا | عظیم الشان | بڑی شان والا |
| نظم و نسق | انتظام | بلند مرتبہ | اونچا درجہ |
| جمالیاتی ذوق | خوبصورتی کو پسند کرنے کا احساس | | |
| دست کاری | ہنر کے وہ نمونے جو ہاتھ سے بنائے جاتے ہیں | | |
| امدادِ باہمی | آپس میں ایک دوسرے کی مدد | | |

©KTBS Not to be republished

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. سر مرزا اسماعیل کا شمار کن لوگوں میں ہوتا ہے؟
2. سر مرزا اسماعیل کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
3. سر مرزا اسماعیل سن 1926 میں کس عہدے پر مقرر ہوئے؟
4. سر مرزا اسماعیل کی کوششوں سے کونسا بند پایۂ تکمیل کو پہنچا؟
5. کونسا باغ سر مرزا اسماعیل کے جمالیاتی ذوق کا مظہر ہے؟
6. سر مرزا اسماعیل کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. سر مرزا اسماعیل نے ریاستِ میسور میں کون کونسے کارخانے قائم کیے؟
2. سر مرزا اسماعیل کی خواہش کیا تھی؟
3. عظیم ہستیاں کس لیے زندہ جاوید ہیں؟
4. سر مرزا اسماعیل نے اپنے عمل سے کیا پیام دیا؟

IV سبق سے حاصل ان مرکب الفاظ کو پڑھیے:

خدمت + ـِ + خلق = خدمتِ خلق

حکومت + ـِ + حیدر آباد = حکومتِ حیدر آباد

ان مرکبات میں الگ الگ الفاظ کو جوڑنے کے لیے ـِ (زیر) کی علامت اور آواز استعمال کی گئی ہے۔

زیر کے استعمال کے بعد ان مرکبات کا تلفظ اس طرح ہوگا۔

خدمتے خلق، حکومتے حیدر آباد

اس سبق میں اس طرح کے اور چھ مرکبات ڈھونڈ کر لکھیے۔

©KTBS Not to be republished

V ان مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے:

ہمہ جہت، زندہ جاوید، خدمتِ خلق، کارہائے نمایاں، عظیم الشان

VI ان سابقوں کی مدد سے نیچے درج الفاظ کی اضداد بنایئے:

(غیر نا بے لا)

واقف، معمولی، روزگاری، علاج،

حاصل، اُمید، اہم، شمار

VII قواعد:

واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے

صلاحیت، تاجر، ہستیاں، مقاصد، عمل، فیض

VIII برائے یادداشت:

سر مرزا اسماعیل سے قبل ریاست میسورو کی ہمہ جہت ترقی کے لیے جس عظیم شخصیت نے نمایاں کام انجام دیے اسے دُنیا سر ویشویشوریا کے نام سے جانتی ہے۔ سر ویشویشوریا پیشے کے اعتبار سے ایک انجینئر تھے۔ سن 1909 میں وہ ریاستِ میسورو کے چیف انجینئر مقرر ہوئے۔ پھر سن 1912 سے سن 1919 تک ریاست میسورو کے دیوان کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ میسورو کے کرشن راج ساگر ڈیم کے علاوہ انھوں نے ملک کے کئی آبی پروجیکٹس کے تعمیری نقشے تیار کیے۔ ریاست میسورو میں صنعتوں کے فروغ کے علاوہ ریاست کے اولین انجینئرنگ کالج، بنگلورو ایگری کلچر یونیورسٹی اور اسٹیٹ بینک آف میسورو کا قیام بھی سر ویشویشوریا کی دوررس بصیرت کا نتیجہ ہے۔ سر ویشویشوریا کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں حکومت ہند نے انھیں سن 1955 میں 'بھارت رتن' کے خطاب سے نوازا۔ ان کا یوم پیدائش 15 ستمبر کو ہندوستان میں 'یوم انجینئرس' کے نام سے منایا جاتا ہے۔

●●●

©KTBS Not to be republished


# کھیلوں کی افادیت

صحت مند دماغ کے لیے صحت مند جسم کا ہونا لازمی ہے۔ دماغ کے ساتھ تمام جسمانی اعضاء کو چست اور




صحت مند رکھنے کے لیے متوازن غذا، شفاف پانی اور تازہ ہوا کے علاوہ کھیل کود بھی ضروری ہیں۔ کھیلوں کے ذریعہ نہ صرف جسم ودماغ کو ورزش کا موقع ملتا ہے بلکہ کھیل شخصیت، سیرت اور اچھّے عادات کی تعمیر وتشکیل میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

کھیل دو طرح کے ہوتے ہیں۔



(۱) ان ڈور کھیل In Door Games (گھر کے اندر کھیلے جانے والے کھیل) جیسے تعلیمی تاش، شطرنج، کیرم، لوڈو، ٹیبل ٹینس وغیرہ۔


(۲) آوٹ ڈور کھیل Out Door Games (میدان میں کھیلے جانے والے کھیل) جیسے ہاکی، کرکٹ، فٹ بال، والی بال، کبڈی وغیرہ۔



اِن ڈور کھیل ہمیں دھوپ اور گرمی سے بچاتے ہیں، ان کے ذریعہ وقت گزاری کے علاوہ دماغی کسرت بھی ہوتی ہے۔ لیکن یہ کھیل جسمانی صحت کے لیے مفید نہیں ہوتے۔ دماغی اور جسمانی صحت کے لیے وہی کھیل زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں، جو صبح یا شام کو کھلے اور صاف ستھرے میدان میں وقت مقرر کر کے ٹیم کے

©KTBS Not to be republished







ساتھ کھیلے جاتے ہیں۔کھیل کے لیے وقت کا مقرر کرنا اس لیے بھی ضروری ہے کہ زیادہ وقت کھیل میں گزارنے سے نہ صرف جسم زیادہ تھک جاتا ہے بلکہ پڑھائی بھی متاثر ہوتی ہے۔

کھیلوں کے ذریعہ نہ صرف اپنے ساتھیوں کی بلکہ دوسری ٹیم کے کھلاڑیوں کی شخصیت اوران کی نفسیات کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔ کھیلوں سے نظم وضبط اور صبر وتحمل کو برقرار رکھتے ہوئے چیلنج قبول کرنے کی عادت کو بھی تقویت ملتی ہے اور موقع کی مناسبت سے حالات کو سمجھنے اور فیصلہ کر کے ان پر عمل کرنے کی صلاحیت بھی پروان چڑھتی ہے۔

کھیلوں سے عفوودرگذر کی صفت اور غیر معمولی قوتِ برداشت بھی پیدا ہوتی ہے۔ساتھ ہی کھیل میں ہار اور جیت کے موقعوں پر اپنے جذبات کو قابو میں رکھنے اور ہمیشہ اچھّے کھیل اور کھلاڑی کی تعریف کرنے جیسے عمدہ اوصاف بھی کھیلوں سے پیدا ہوتے ہیں۔یہی وہ خوبیاں ہیں جو کسی بھی انسان کو بلند حوصلہ، باہمت، بہادر، رحم دل، خوش اخلاق، ملنسار، اور ہر دل عزیز بننے میں مدد کرتی ہیں۔

ایک کھلاڑی جو کھیل میں خود کو اچھّا ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ یقیناً تعلیم کے میدان میں بھی اچھّے نتائج حاصل کرنے کی جستجو کرے گا۔اس کے لیے ضروری ہے کہ پڑھنے اور کھیلنے کے درمیان توازن برقرار رکھا جائے۔ کیوں کہ زندگی میں وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو وقت کی قدر کرتے ہیں۔کھیل کے وقت کھیلتے ہیں اور پڑھنے کے وقت پڑھتے ہیں۔

''کھیل کے وقت کھیل اور کام کے وقت کام اچھّا''

ادارہ

© TBC Not to be republished

**I** (الف) الفاظ و معنی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| افادیت | : | فائدہ | سیرت | : | اخلاق |
| معاون | : | مدد کرنے والا | شفّاف | : | صاف |
| متوازن | : | معتدل | تقویت | : | قوت |
| صفت | : | وصف/خوبی | اوصاف | : | خوبیاں/ وصف کی جمع |
| توازن | : | اعتدال | جستجو | : | تلاش/کوشش |
| قدر | : | احترام/عزّت | | | |
| نفسیات | : | ذہن وخیال/ انسانی ذہن کے مطالعہ کا علم | | | |

(ب) مرکبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تعمیر و تشکیل | : | بنانا و شکل دینا | عفوو درگذر | : | معافی |
| نظم وضبط | : | باقاعدگی/ بندوبست | ہر دل عزیز | : | مقبول/مشہور |
| پروان چڑھنا | : | ترقی کرنا | صبر و تحمل | : | قوتِ برداشت |

**II** ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. صحت مند دماغ کے لیے کیا لازمی ہے؟
2. ان ڈور گیمس کِسے کہتے ہیں؟
3. میدان میں کھیلے جانے والے کھیلوں کو کیا کہا جاتا ہے؟
4. کھیل میں زیادہ وقت گذارنے سے کیا ہوتا ہے؟

©KTBS Not to be republished

5. کھیلوں سے کونسی صفت پیدا ہوتی ہے؟

6. زندگی میں کس طرح کے لوگ کامیاب ہوتے ہیں؟

**III** ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. جسمانی اعضا کو چُست اور صحت مند رکھنے کے لیے کونسی چیزیں ضروری ہیں؟

2. دماغی اور جسمانی صحت کے لیے کون سے کھیل زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں؟

3. کھیلوں سے کونسی عادتوں کو تقویت ملتی ہے؟

4. کھیلوں سے کون سے عمدہ اوصاف پیدا ہوتے ہیں؟

**IV** 'الف' اور 'ب' کے تحت دیے گئے الفاظ کو معنوں کی مناسبت سے جوڑ کر مثال کے مطابق مرکبات بنائیے:

مثال: سعی + و + جستجو = سعی و جستجو

| 'الف' | | | 'ب' |
|---|---|---|---|
| 1. تعمیر | | a. | تحمل |
| 2. نظم | | b. | درگذر |
| 3. صبر | و | c. | ضبط |
| 4. عفو | | d. | شفاف |
| 5. صاف | | e. | تشکیل |

**V** ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

مفید، عمل، عمدہ، جستجو، خوش اخلاق



©KTBS Not to be republished

VI نیچے کے جملوں کی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے:

1. صحت مند دماغ کے لیے.......................کا ہونا لازمی ہے۔
2. ان ڈور کھیل.................اور.................سے بچاتے ہیں۔
3. کھیلنے اور پڑھنے کے درمیان.................برقرار رکھا جائے۔
4. کھیل کے وقت...........اور کام کے وقت...........اچّھا۔

VII قواعد:

ان الفاظ کے مترادف لکھیے۔

1. عفو 2. قدر 3. جستجو

4. چُست 5. مفید 6. عمدہ

VIII برائے یادداشت:

کھیل کے کچھ اور فائدے:

- جسم بڑھتا ہے، طاقت اور ہمت آتی ہے۔
- بیماری سے مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔
- ہاتھ، پیر اور جسم کے دوسرے اعضاء مضبوط ہوتے ہیں۔
- ہاضمہ اچھّا ہوتا ہے۔
- پسینہ زیادہ خارج ہوتا ہے، اور جسم کے گندے اور زہریلے مادّے باہر نکل جاتے ہیں۔
- خون صاف ہوتا ہے اور دورانِ خون بڑھتا ہے۔
- دماغ تروتازہ اور چوکنّا رہتا ہے۔
- جسم میں چستی اور مستعدی آتی ہے۔ سستی اور کاہلی دور ہوتی ہے۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# غزل

غزل کی شمع جلاؤ بڑی اداس ہے رات
حدیث درد سناؤ بڑی اداس ہے رات

قدم قدم پہ ہے تنہائیوں کا سناٹا
نظر کے جگنو جلاؤ بڑی اداس ہے رات

خلوص و پیار و محبت کی داستاں چھیڑو
وفا کے پھول کھلاؤ بڑی اداس ہے رات

تمہاری راہ میں آنکھیں بچھائے بیٹھی ہوں
یہ شمعیں اب نہ بجھاؤ بڑی اداس ہے رات

وفا کا نام بھی تم شامِ غم کے نام لکھو
وہ خواب لمحے جگاؤ بڑی اداس ہے رات

حسنیٰ سرورؔ

©KTBS
Not to be republished

**تخلیق کار:**

حسنیٰ سرور صاحبہ کی پیدائش 5 رجون 1939ء میں ہاسن میں ہوئی۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔ اردو زبان و ادب سے لگاؤ تھا۔ لہٰذا ادیب ماہر وغیرہ کے امتحانات علی گڑھ سے دیئے۔ ادبی مشاغل، شاعری، فکشن اور مضمون نگاری ہے۔ علمی وادبی اداروں سے وابستہ رہیں کئی اکادمیوں نے اعزازات سے نوازا۔ ''خواب زار''، ''ایک چاند چمکتا ہے''، ''شبنم شبنم''، ''ساون برسے''، غزلوں کی چاندنی ان کی شعری مجموعے ہیں جو منظر عام پر آ چکے ہیں۔ ''برف کے پھول'' ان کے افسانوں کا مجموعہ اور ایک ناول ''سیما'' بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان کا تخلیقی سفر تین چار دہوں پر محیط ہے۔ ان کی شاعری ذاتی تجربات ومشاہدات کا آئینہ ہے۔ 11/اکتوبر 2007ء کو ان کا انتقال ہوا۔

I (الف) پڑھیے اور یاد رکھیے:

| | | |
|---|---|---|
| اداس | : | غمگین |
| حدیث | : | بات |
| تنہائی | : | اکیلا پن |
| سناٹا | : | خاموشی، ہو کا عالم |
| داستان | : | قصہ در قصہ |
| وفا | : | محبت |
| لمحہ | : | پل |

(ب) محاورے:

| | | |
|---|---|---|
| شمع جلانا | : | روشنی کرنا |
| آنکھیں بچھانا | : | انتظار کرنا، نہایت شوق سے راہ دیکھنا |

©KTBS Not to be republished

**II** **ان سوالوں کے جواب ایک ایک جملے میں لکھیے:**

۱) رات کی اداسی دور کرنے کے لئے کون سی شمع جلانا چاہیے؟

۲) قدم قدم پہ کیا پایا جاتا ہے؟

۳) حسنٰی سرورؔ کی غزل کے حوالے سے بتایئے شاعرہ کو کس کا انتظار ہے؟

۴) حسنٰی سرورؔ وفا کو کس کے نام لکھنا چاہتی ہے؟

**III** **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:**

سناٹا، خواب، داستان، شام،

**IV** **برائے یادداشت:**

**غزل کی تعریف:**

غزل کے لغوی معنی عورتوں سے بات چیت کے ہیں۔لیکن غزل شاعری کی ایسی صنف ہے،جس میں ہرطرح کے انسانی احساسات وجذبات کے ساتھ ساتھ زندگی اوراس کے مسائل کو پیش کیا جاتا ہے۔ غزل کا ہر شعر معنی کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔

**مطلع:** غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں،جس کے دونوں مصرعوں میں ردیف وقافیے کی پابندی کی جاتی ہے۔


**مقطع:** غزل کا آخری شعر مقطع کہلاتا ہے،جس میں عام طور سے شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے۔

●●●

©KTBS Not to be republished

# حق کی آواز

(ڈراما)



کردار:

اقبال احمد : مالک مکان

نادرہ : نوکرانی

پس منظر :

ڈرائنگ روم میں اقبال احمد صوفے پر بیٹھے اخبار پڑھ رہے ہیں، کمرے میں نوکرانی داخل ہوتی ہے۔

نادرہ : (دبی آواز میں) ''آپ نے بلایا صاحب!''

اقبال احمد : ''ہاں ہاں بیٹھ جاؤ نادرہ''۔

نادرہ : (بیٹھتی ہوئی) ''شکریہ''۔

اقبال احمد : ''ہاں تو نادرہ! میں تمہاری تنخواہ کا حساب کرنا چاہتا ہوں۔ شاید تمھیں پیسوں کی ضرورت ہو۔



© TS Not to be republished

تمہاری تنخواہ نوسو روپیے طے ہوئی تھی نا!''

نادرہ : (آہستہ سے) ''جی نہیں مالک!'' پورے ایک ہزار روپیے''۔

اقبال احمد : (میز پر رکھی ڈائری اٹھا کر اس کے صفحات الٹتے ہوئے) ''نہیں نادرہ! یہ دیکھو میں نے نوسو روپیے نوٹ کر رکھا ہے اور تمھیں ہمارے ہاں کام کرتے ہوئے صرف دو مہینے ہوئے ہیں۔''

نادرہ : (دبی آواز میں) ''جی نہیں! دو مہینے پانچ دن''۔

اقبال احمد : ''کیا کہہ رہی ہو نادرہ؟ ٹھیک دو مہینے ہوئے ہیں۔ میں نے ڈائری میں سب کچھ نوٹ کر رکھا ہے۔ ہاں!......تو دو مہینے کے ہوئے اٹھارہ سو روپیے، لیکن سنو! پورے اٹھارہ سو روپیے تمہیں اس وقت ملیں گے جب کہ تم نے ایک دن کی چھٹی نہ لی ہو۔

مگر تم نے تو ہر اتوار چھٹی لی ہے۔ اس کے علاوہ تم نے تین چھٹیاں اور بھی لی ہیں۔ ٹھیک ہے نا؟''

نادرہ : (آہستگی سے) جی! آپ کہہ رہے ہیں تو ٹھیک ہی ہوگا''............(رک جاتی ہے)

اقبال احمد : ''کیا میں غلط کہہ رہا ہوں'' (پھر ڈائری کھولتے ہوئے) یہ دیکھو! میں نے ہر چیز نوٹ کر رکھی ہے۔'' (ایک لمبی سانس لیتے ہوئے) ''ہاں! کُل نو اتوار اور تین چھٹیاں یعنی پورے بارہ دن تم نے کام نہیں کیا۔ ہاں!......اس طرح تمہارے تین سو پچاس روپیے کٹ گئے۔ ہاں اور یاد آیا، گذشتہ مہینے ہم چار دن شہر سے باہر تھے اور پھر اس مہینے کے تیسرے ہفتہ میں چار دن تمہارے دانتوں میں درد رہنے کی وجہ سے میری بیوی نے تمہیں دوپہر کے بعد چھٹی دی تھی۔ اس طرح بارہ اور چھ کُل اٹھارہ دن یعنی تم نے دو مہینوں میں اٹھارہ دن ناغہ کیا۔ اس طرح اٹھارہ دن کی تنخواہ پانچ سو چالیس روپیے کاٹنے کے بعد تمہاری بچی ہوئی تنخواہ ایک ہزار دو سو ساٹھ روپیے ہوئی۔

نادرہ : (بہت غمگین ہو جاتی ہے۔ اس کی آنکھوں سے آنسو مسلسل بہہ رہے ہیں۔ دھیمی آواز میں کہتی

©KTBS Not to be republished

ہے)''جی ہاں!''

اقبال احمد : (ڈائری کے صفحات الٹتے ہوئے)''خوب یاد آیا! گذشتہ مہینے، تیسرے ہی دن تم نے چائے کی پیالی توڑ دی تھی۔ وہ پیالی بہت قیمتی تھی مگر میں تمہارے صرف بیس روپے کاٹوں گا۔ پھر اسی مہینے کی بات ہے کہ تم نے منّو کا ٹھیک سے خیال نہیں رکھا اور وہ گھر کے باہر نالی میں گر گیا۔ اس کے بائیں ہاتھ میں شدید چوٹ آئی۔ رکشا کے ذریعہ اسے ہسپتال لے جانا پڑا۔ رکشا کے چالیس روپے، ڈاکٹر اور دوائی کے ایک سو روپے، نادرہ! تم میری بات سن رہی ہو''؟

نادرہ : (مشکل سے اپنے آنسو روکتے ہوئے۔ بھرائی ہوئی آواز میں)''جی سن رہی ہوں۔''

اقبال احمد : ہاں ٹھیک ہے نادرہ! پرسوں شام کو ایک بھکاری باہر چھوڑے ہوئے میرے ہوائی چپل اٹھالے گیا۔ یہ سب تمہاری بے توجہی سے ہوا تھا۔ یہ نقصان میں نے تمہیں معاف کر دیا اور ہاں! تم نے اڈوانس کے طور پر سو روپے بھی لیے تھے۔''

نادرہ : (لگ بھگ روتے ہوئے) جی نہیں! آپ نے تو کچھ بھی نہیں دیا تھا.................. (پھر رونے لگتی ہے)

اقبال احمد: ''ارے! پھر وہی بات۔ کیا میں جھوٹ بول رہا ہوں؟ یہ دیکھو میں نے یہ سب ڈائری میں نوٹ کر رکھا ہے۔ اگر یقین نہیں ہے تو خود ڈائری دیکھ لو۔''

نادرہ : (آنسو پونچھتے ہوئے)''جی! آپ کہہ رہے ہیں تو سچ ہی ہوگا''۔

اقبال احمد : اب دیکھو! رکشا کے چالیس روپے، ڈاکٹر اور دوائی کے ایک سو روپے، پیالی کے بیس روپے اور جو تم نے سو روپے اڈوانس لیے تھے یہ سب ملا کر جملہ دو سو ساٹھ روپے ہوئے۔ یہ لو تمہاری تنخواہ کی بچی ہوئی رقم ایک ہزار روپے۔''

نادرہ : (کانپتے ہوئے ہاتھوں سے رقم لیتے ہوئے) جی شکریہ!''

©KTBS Not to be republished

اقبال احمد : (اونچی آواز میں) ''تم ......تم میرا شکریہ ادا کر رہی ہو نادرہ؟ جب کہ تم اچھّی طرح جانتی ہو کہ میں نے تمہیں ٹھگ لیا ہے............تمہیں دھوکا دیا ہے! پھر......تمہارے روپے ہڑپ لیے ہیں......اس کے باوجود تم میرا شکریہ ادا کر رہی ہو؟''

نادرہ : ''جی صاحب''

اقبال احمد : (غصّے میں ہکلاتے ہوئے) ''جی صاحب!......جی صاحب! ہر بات پر جی صاحب!''

نادرہ : (ڈر کے مارے سہمی ہوئی آواز میں) ''جی صاحب! اس سے پہلے میں نے جہاں بھی کام کیا تھا ان لوگوں کے حساب سے میرے کھاتے میں کچھ نہیں بچتا تھا۔ آپ نے مجھے ہزار روپے تو دیے ہیں۔''

اقبال احمد : (غصّے میں) ''ان لوگوں نے تمہیں ایک روپیہ تک نہیں دیا؟ نادرہ مجھے یہ جان کر ذرا بھی تعجب نہیں ہو رہا ہے (آواز دھیمی کر کے) نادرہ! مجھے معاف کر دینا، میں نے تمہارے ساتھ ایک چھوٹا سا مذاق کیا تھا، جس سے میرا مقصد دراصل تمہیں ایک سبق سکھانا تھا۔............دیکھو نادرہ! میں تمہارا ایک روپیہ بھی کم نہیں کروں گا۔ (جیب سے پانچ سو روپیے کے کرارے نوٹ نکالتے ہوئے) یہ لو تمہاری پوری تنخواہ۔ ...... دیکھو نادرہ! تمہیں اپنے ساتھ ہو رہی بے انصافیوں کے خلاف آواز بلند کرنی چاہیے۔ اس طرح بزدل، کمزور، اور ڈرپوک بن کر زندگی نہیں گذاری جا سکتی، تمہیں اپنے حق کے لیے ان بے رحم، ظالم، اور مطلب پرست لوگوں سے ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے۔ یہ سب میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ آج کی اس دنیا میں کمزور اور بزدل انسانوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔''

ادارہ

●●●

©KTBS Not to be republished

I (الف) الفاظ و معنی:

گذشتہ : گزرا ہوا/ پچھلا ناغہ : غیر حاضری

کھاتہ : کاپی، جس میں حساب لکھا جائے

تنخواہ : ملازمت کے صلے میں دی جانی والی رقم

(ب) مرکبات

ٹھگ لینا : لوٹ لینا مطلب پرست : خود غرض

بے توجہی : غفلت

II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے :

1. اس ڈرامے کے کردار کون کون ہیں؟
2. اقبال احمد صوفے پر بیٹھے کیا پڑھ رہے تھے؟
3. نادرہ کے مطابق اس کی تنخواہ کتنی طے ہوئی تھی؟
4. نادرہ کو کام کرتے ہوئے کتنے مہینے ہوئے؟
5. آج کی اس دُنیا میں کس کے لیے جگہ نہیں ہے؟

III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے :

1. اقبال احمد نے نادرہ کی کتنے دنوں کی تنخواہ کاٹنے کی بات کہی؟
2. اقبال احمد نے چائے کی پیالی اور منّو کے علاج کا خرچ کتنا بتایا؟

©KTBS Not to be republished

3. نادرہ نے اقبال احمد کا شکریہ بار بار کیوں ادا کیا؟

4. اس ڈرامے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

**IV** یہ جملے کس نے کس سے کہے:

1. ''بزدل، کمزور اور ڈرپوک بن کر زندگی نہیں گذاری جاسکتی۔''

2. ''آپ کہہ رہے ہیں تو ٹھیک ہی ہوگا۔''

**V** **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:**

اخبار، ناغہ، زندگی، چوٹ، وقت

**VI** **ان جملوں کو صحیح جواب چُن کر مکمل کیجیے:**

1. اقبال احمد صوفے پر بیٹھے ..................

i ڈائری لکھ رہے تھے۔

ii کتاب پڑھ رہے تھے۔

iii اخبار پڑھ رہے تھے۔

2. اقبال احمد کے مطابق نادرہ نے اڈوانس کے طور پر ..................

i. سو روپے لیے تھے۔

ii. دوسو ساٹھ روپے لیے تھے۔

iii. تین سو روپے لیے تھے۔

3. اس ڈرامے سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ ..................

i. لڑ جھگڑ کر اپنا حق لینا چاہیے۔

ii. ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے۔

iii. ناانصافی پر ہمیں خاموشی اختیار کرنی چاہیے۔

©KTBS Not to be republished

**VII** قواعد:

ان جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کو بدل کر صحیح جملہ لکھیے :

1. کمرے میں نوکرانی داخل ہوتا ہے۔
2. اقبال احمد کتاب پڑھ رہی تھی۔
3. نادرہ رونے لگتا ہے۔
4. مالک نے کہا، میں تمہارا ایک روپیہ بھی کم نہیں کروں گی۔

**VIII** برائے یادداشت:

ڈراما، فنونِ لطیفہ کا ایک قدیم فن ہے اور ادب کی ایک صنف بھی۔
یہ لفظ یونانی لفظ 'ڈراؤ' سے بنا ہے، جس کے معنی عمل کرنے کے ہیں۔ لہٰذا کسی بھی واقعہ کو کر کے دیکھا اور دکھایا جانا ڈراما کہلاتا ہے۔ اسی لیے ڈرامے کو بصری صنف یعنی دیکھی جانے والی صنف بھی کہا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے ڈرامے کا لازمی عنصر اسٹیج ہے۔
ویسے تو دنیا کی ہر زبان میں ڈرامے کی روایت موجود ہے، لیکن سب سے قدیم سنسکرت ڈراما ہے۔
ہندوستان کی قدیم مذہبی کتابوں جیسے رامائن اور مہابھارت میں بھی ڈراموں کا ذکر ملتا ہے۔
کالی داس کے سنسکرت میں لکھے ہوئے ڈرامے 'شکنتلا' کا دنیا کی ساری زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے۔
اُردو میں ڈرامے کو اودھ کے آخری بادشاہ واجد علی شاہ کے زمانے میں فروغ حاصل ہوا۔
آغا حشر کاشمیری، عبدالحلیم شرر، پریم چند کے علاوہ پروفیسر مجیب، ڈاکٹر عابد حسین اور امتیاز علی تاج وغیرہ اُردو کے اہم ڈراما نگار ہیں۔

●●●



©KTBS
Not to be republished

# کہانی سکّوں کی



(استاد جماعت میں داخل ہوتے ہیں تمام بچّے ادب سے کھڑے ہوجاتے ہیں۔)

استاد: (بچّوں کے بیٹھنے کے بعد) بچّو! بتاؤ ایک چاکلیٹ کتنے روپئے میں آتا ہے؟

بچّے: جی ایک روپیہ میں۔

استاد: ایک روپیہ کیسا ہوتا ہے؟

بچّے: جی گول ہوتا ہے اور اس پر ٹھپہ ہوتا ہے۔

استاد: اور دو روپیہ؟

بچّے: وہ بھی گول ہوتا ہے اور اس پر الگ طرح کا نشان ہوا کرتا ہے۔

استاد: یہ روپئے کاغذ کے ہوتے ہیں یا دھات کے؟

بچّے: جی دھات کے۔

استاد: دھات سے بنے روپئے کو کیا کہتے ہیں؟

بچّے: جناب سکّہ کہتے ہیں۔

استاد: بہت اچھے تو آج ہم سکوں کی کہانی سنیں گے۔

©KTBS Not to be republished

(استاد تختہ سیاہ پر عنوان 'سکوں کی کہانی' لکھ دیتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں)

اگر آپ کے پاس ایک بسکٹ ہے اور آپ کے دوست کے پاس ایک چاکلیٹ لیکن آپ چاکلیٹ کھانا چاہتے ہیں اور آپ کا دوست بسکٹ تو دونوں کیا کریں گے۔

بچّے: ہم لوگ آپس میں ادل بدل کر کھالیں گے۔

استاد: ٹھیک اسی طرح ضرورت کی چیزوں کو ایک دوسرے سے بدلنا بارٹر Barter کا طریقہ کہلاتا ہے۔ پرانے زمانہ میں روپیہ پیسہ نہیں تھا کہ ضرورت پڑنے پر اس سے کچھ خریدا جاسکتا۔ بس ضرورت کی چیزوں کا آپس میں لین دین ہوتا تھا۔ مثلاً کوئی شخص اپنی مرغی کے بدلہ کسی سے چار انڈے حاصل کر لیتا تھا تاکہ ناشتہ تسلی سے ہو جائے۔ اسی طرح ایک بھینس کے بدلہ میں چار یا پانچ بکریاں۔ کہیں سفر پر جانا ہو تو ایک گدھے کا کرایہ فی دن ایک جھولا چنا یا پھر گدھے کا دانہ پانی۔۔۔۔

بچّے: (معافی چاہتے ہوئے) سر لمبے سفر کے دوران اگر گدھا بوجھ تلے دب کر مر جائے تو؟

استاد: ایں! تب تو گدھے کے مالک اور سوار میں بڑی توں توں میں میں کی نوبت آجاتی ہوگی، اور اگر کہیں گھوڑا کرایہ پر لے لیا اور سرپٹ دوڑ میں سوار اس پر سے لڑھک گیا تو کچھ اس طرح مار پیٹ ہوتی ہوگی کہ سوار کپڑے جھاڑ کر گھوڑے کو ہنٹر رسید کر رہا ہے اور بعد میں مالک سوار کو ۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہوگا کہ چرواہا جنگل میں خاموشی سے گائے کا دودھ پی گیا اور شام کو گوالہ طبیعت سے اس کی پٹائی کر کے حقہ پانی بند کر رہا ہے۔

بچّے: (سوال کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہوئے) سر آج کل تو سفر کے لئے سائیکل سے لے کر جیٹ جہاز اور دودھ کے لئے پیکٹ تک موجود ہیں تو پھر یہ کس زمانہ کی باتیں ہیں۔

استاد: ارے بھائی یہ حضرت عیسیٰؑ سے کوئی چھ سو سال پہلے کے معاملے ہیں۔ پہلے پہل تو ان مسئلوں کے حل کے لئے کوڑیوں کے مول اور مونگا موتی سے کام چلا لیا گیا لیکن ان سے بھی بات نہ بنی تو مجبوراً اس زمانہ کے ہندوستانی راجاؤں نے سب سے پہلے

©KTBS Not to be republished

چاندی کے سکّے جاری کئے۔ ان کی دیکھا دیکھی ایشیائے کوچک کی حکومت نے بھی سکّے بنانے شروع کئے جن میں لائیڈین ملک کی حکومت کو بڑی اہمیت حاصل تھی ۔ اچھا اب یہ بتاؤ ہندوستان میں جو سکّہ جاری ہوا تھا اسے کیا کہتے ہوں گے؟

بچّے: (سوچتے ہوئے) ڈھیلا پیسہ کچھ کہتے ہوں گے۔

استاد: جی نہیں۔ اس زمانہ کے سکّوں کو بھی روپیہ ہی کہتے تھے۔

بچّے: (حیرت سے) اتنے پرانے زمانہ سے یہ نام چلا آرہا ہے!! مگر سر یہ نام کس نے رکھا تھا؟

استاد: یہ نام! یہ نام تو ہندوستانی ہی ہے۔ دراصل دراوڑی زبان اور سنسکرت میں خوبصورتی اور حسن کو روپ کہتے ہیں۔ یہ لفظ رگ وید میں بھی استعمال ہوا ہے۔ اس لئے روپ سے روپیہ یعنی سب کو پیارا۔ اب اور سنو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے تین صدی پہلے ہندوستان میں موریا سلطنت قائم ہوئی۔ اس کا پہلا راجہ چندر گپت موریہ تھا۔ اس نے ملک کے تمام کاریگروں کو حکم جاری کیا تھا کہ وہ چاندی کی بھرت کے ہتھوڑوں سے کوٹ پیٹ کر سرکاری سکے بنائیں اور شاہی خزانہ میں جمع کردیں پھر ان پر پہیے اور ہاتھی کی علامتیں کھدوا کر کے انہیں رعایا کے لئے جاری کر دیا۔ جن سے خرید وفروخت میں بڑی سہولت ہوئی۔ چندر گپت موریہ کے قابل وزیر اعظم چانکیہ نے بھی اپنی کتاب ارتھ شاستر میں سورن مدرا یعنی سونے کے سکوں کے ساتھ ساتھ چاندی کے ان سکّوں کا بھی ذکر کیا ہے۔

زمانہ گزرتا گیا اور روپیہ کا سکّہ چلتا رہا۔ چنانچہ سولھویں صدی عیسوی میں جب ہندوستان کے صوبہ بہار کے علاقہ میں شیر شاہ سوری کی حکومت قائم ہوئی تو اس نے بھی اپنے سکّوں کا نام روپیہ ہی رکھا۔ محمد بن تغلق نے بھی اپنے دور سلطنت میں چمڑے کے سکّے جاری کئے تھے۔ پھر مغل بادشاہ ہمایوں شیر شاہ سوری سے جنگ ہار کر جب دریا پار کر رہا تھا تو نظام الدین سقے نے اپنے چمڑے کے مشکیزہ کی مدد سے اس کی جان بچائی تھی۔ جس کے بدلہ میں کہتے ہیں کہ ہمایوں بادشاہ نے خوش ہوکر اپنی سلطنت میں اسے ایک دن کا سلطان بنا دیا تھا۔

Not to be republished ©KTBS

اس سے فائدہ اٹھا کر نظام الدین سقہ نے اپنے مشکیزہ کو کاٹ کاٹ کر گول چمڑے کا سکّہ جاری کر دیا۔

مغلوں کے بعد اٹھارہویں صدی عیسوی میں انگریزی سکّہ کا روپیہ جاری ہوا۔ پھر جب ہندوستان آزاد ہوا تو سن 1957ء سے حکومت ہند نے سو پیسے کا ایک روپیہ والا سکّہ جاری کیا۔ اور اب تو بس روپیہ کا ہی سکہ چلتا ہے۔ آپ لوگ تو نئے اور چمکدار سکّے چھپا کر اور سنبھال کر رکھتے ہیں یہاں تک فیس میں بھی نہیں دیتے ہیں نا؟

(سب بچّے ہنستے ہیں اور چھٹی کی گھنٹی بجتی ہے۔)

**مصطفیٰ ندیم خاں**

•••

تخلیق کار:

مصطفیٰ ندیم خاں، 15 / مارچ 1947ء میں ضلع بیڑ مراہٹواڑہ میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔ مراہٹواڑہ یونیورسٹی سے نفسیات میں ایم۔اے کیا اور وہیں سے بی۔ایڈ کی ڈگری بھی حاصل کی درس وتدریس کی خدمات انجام دیتے رہے۔ مولانا آزاد کالج اورنگ آباد میں پانچ سال تک لیکچرر کے عہدے پر فائز رہے۔ اسی دوران لکھنے لکھانے کا سلسلہ شروع ہوا۔ مختلف اخبارات ورسائل میں ان کی تخلیقات شائع ہوئیں۔ 1980ء تا 2007ء تک ترقی اردو بیورو نئی دلی میں بحیثیت ریسرچ آفیسر کام کیا۔ 2007ء سے ''بچّوں کی دنیا'' نئی دلّی وغیرہ میں لکھنے کا سلسلہ جاری ہے۔

**I الفاظ ومعنی:**

| | | |
|---|---|---|
| ٹھپہ | : | مہر |
| دھات | : | زمین سے نکلنے والی ٹھوس چیزیں جیسے لوہا، چاندی، سونا وغیرہ |
| تختہ سیاہ | : | کلاس کا کالا بورڈ جس پر سفید چاک سے لکھا جائے |
| تو تو میں میں | : | زبانی جنگ |

©KTBS
Not to be republished

ہنٹر : گھوڑا ہانکنے والا کوڑا

حقہ پانی : کھانا، پینا

مشکیزہ : پانی بھرنے کے لئے چمڑے کا تھیلا

**II ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:**

۱) ایک روپیہ کیسا ہوتا ہے؟

۲) دھات سے بنے روپیہ کو کیا کہتے ہیں؟

۳) بارٹر کا طریقہ کسے کہتے ہیں؟

۴) موریہ سلطنت کا پہلا راجہ کون تھا؟

۵) محمد بن تغلق نے کون سے سکّے جاری کئے تھے؟

**III ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے:**

۱) پرانے زمانہ میں لوگ چیزوں کی خرید وفروخت کس طرح کرتے تھے؟ مثال دیں۔

۲) چندرگپت موریہ نے سکّہ کے تعلق سے کاریگروں کو کیا حکم جاری کیا تھا؟

**IV ان الفاظ کی جمع لکھئے:**

استاد، نشان، دھات، کہانی،

زمانہ، مرغی، صدی، ملک

**V ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:**

پانی، وعدہ، جامن، مالک، نواب

**VI ان جملوں کے آگے صحیح یا غلط کا نشان لگائیے:**

۱) ۱۹۴۷ء سے حکومت ہند نے سو پیسے کا ایک روپیہ والا سکّہ جاری کیا۔

۲) دراوڑ زبان اور سنسکرت میں خوبصورتی اور حسن کو روپ کہتے ہیں۔

۳) مغلوں کے بعد اٹھارہویں صدی عیسوی میں انگریزی سکّہ کا روپیہ جاری ہوا۔

●●●



©KTBS Not to be republished

# سیکھے ہوئے الفاظ

### آ

آگہی
آداب
آشیاں
آہ وزاری
آسائش
آبرو
آگاہ
آئینِ فطرت

### ا

استقبال
اطاعت
اطمینان
انکساری
ایثار
امانت
اجنبی
اوّلین
انسانیت
اُداس
ایوان
انکشاف
انکسار
افسوس
اہنسا
اظہار
امتیازی
اعتراف
احترام
ایجاد
ایکتا
اتحاد
امن پسند
اندیشہ
امدادِ باہمی
افادیت
اوصاف
امور

### ب

بھنورا
بشر
بحر
بر
بے ہوش
باطن
بسا اوقات
برعکس
بلند
بندگی
بے ساختہ
برطرف
بلند مرتبہ
بے توجہی
بے تکلف

### پ

پریشاں
پیغمبر
پوشاک
پیوند
پایۂ تکمیل
پُرلطف

### ت

تقویٰ
تقسیم
تجویز
تنہا
تاریخ
تسمے
تدبیر
تنویر
ترنگا
تحقیق
تصانیف
تخلیق
تان
تصدیق
تجربہ کار
تحریک
توازن
تقویت
تعمیر و تشکیل
تنخواہ

### ج

جھرنا
جمیل
جود و سخا
جہاں
جرأت

©KTBS Not to be republished

جواہر
جگ
جمالیاتی ذوق
جستجو

**چ**

چٹکنے

**ح**

حکمت
حتی الامکان
حق دار
حاضر
حقارت
حیرت انگیز
حامل
حمایتی
حصول
حسبِ ضرورت

**خ**

خالق
خطرناک
خیانت
خطاب
خاصا
خَلَل
خط
خدمت

**د**

دل بری
دُھن
دِیا
درپیش
دوران
دخل
داخل کردہ
دارومدار
دیوان
دست کاری

**ذ**

ذوق

**ر**

رحمت
روحانی
رُخ
راگ
روّیہ
روابط
رحم

**ز**

زیبائش
زندہ جاوید

**س**

سرور
سخی
سائل
سرکش
سازش
سیرت

**ش**

شجر
شعور
شاد
شعار
شفاخانہ
شدید
شمار
شعبہ
شفاف

**ص**

صُلح
صفت
صبروتحمل

**ض**

ضائع

**ط**

طوفان

**ظ**

ظہور

**ع**

عمل
عطا
عظیم
عالَم
عجز
عبور کرنا
عنوان
عمر رسیدہ
عظیم الشان
عفوودرگذر
عمدہ
عشق

**غ**

غفلت
غیبت
غزل
غنیمت
غارت

©KTBS
Not to be republished

## ف

فلک

فاقہ

فراخ دل

فخر

فراہم کردہ

فیض

## ق

قید

قیمتی

قبل

قدر

قصبہ

قواعد

قَسم

## ک

کرشمے

کرم

کم سنی

کارنامہ

گُھسر پُھسر

کارفرمائی

کارکردگی

کارہائے نمایاں

کرۂ ارض

کھاتہ

## گ

گرداب

گفتگو

گذشتہ

گیت

گہوارہ

## ل

لطف

لقب

لختِ جگر

لباس

## م

مَشک

مُیسر

مستحق

مال دار

مشعل

مدّاح

ملّاح

معزّز

مخل

مقرر

مسائل

مقصود

مُسلّم

مذاق

مظہر مرہونِ منت

معاون

متوازن

مفاد

مفید

مدّعا

مطلب پرست

مکتوب

مودبانہ

معاملہ

## ن

نفَس

نغمگی

نکاح

نعلین

نابینا

نصیحت

ناگزیر

نکات

نامور

نظم ونسق

نفسیات

نصف

نوعیت

نجی

نظم وضبط

ناغہ

## و

وقفہ

ولولہ انگیز

وقت طلب

وقت

وفا

وعدہ

## ھ

ہنر

ہمہ جہت

ہردل عزیز

●●●

©KTBS Not to be republished